قواعد النحو

تالیف
مفتی ارشاد الرحمن المعتصم
استاذ جامعہ اشاعت الاسلام اٹک شہر

خصوصیات ومزایا

- نحو میر کا عام فہم ترجمہ
- تسہیل النحو
- مشکل تراکیب کا حل
- قواعد نظم مأۃ عامل
- فائدہ مہمہ
- نکات لطیفہ
- فنی قواعد وضوابط
- حل شدہ فارسی تراکیب
- زنجیری تراکیب
- منفرد انداز
- تدریجی منہج
- اصول مطالعہ
- طریقہ مطالعہ
- اجراء وتطبیق

ناشر: شعبہ تصنیف وتالیف جامعہ اشاعت الاسلام اٹک شہر

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قواعد النحو

مرتب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ارشاد الرّحمٰن المعتصم

نظر ثانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مولانا کاشف مقصود، مولانا اسرار احمد

طبع اول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محرم ۱۴۴۰ ھ

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جامعہ اشاعت الاسلام اٹک شہر

رابطہ نمبر:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۰۳۱۴۴۵۲۵۰۹۹/۰۳۰۲۹۸۶۵۸۹۵

ملنے کے پتے:۔

جامعہ اشاعت الاسلام اٹک شہر
جامعہ دار العلوم ویسہ اٹک
جامعہ تعلیم القرآن گندف صوابی
جامعہ تعلیم القرآن خال دیر
جامعہ مشارق العلوم کوثر باجوڑ
اسلامی کتب خانہ صوابی
مکتبہ معروفیہ لاہور۔ کوئٹہ
تاج کتب خانہ صوابی
مکتبہ توحید وسنت گندف صوابی
ادارۃ العلم پشاور محلّہ جنگی

فہرست

پیشِ لفظ............3
فصل اول۔۔۔لفظ کی تقسیم............6
فصل دوم۔۔۔جملہ خبریہ کا بیان............8
فصل سوم۔۔۔جملہ انشائیہ کا بیان............10
فصل سوم۔۔۔مرکب غیر مفید کا بیان............13
فصل چہارم ۔۔۔کلماتِ جملہ کا بیان............16
فصل پنجم۔۔۔اسم وفعل اور حرف کی علامات............16
فصل ششم۔۔۔معرب و مبنی کا بیان............18
فصل ہفتم ۔۔۔مبنی ومعرب کی اقسام............18
فصل ہشتم ۔۔۔اسم غیر متمکن کی اقسام............20
فصل۔۔۔اسمائے افعال،اسمائے اصوات،اسمائے ظروف،............25
فصل نہم ۔۔۔ معرفہ ونکرہ کا بیان............29
فصل دہم۔۔۔مؤنث ومذکر کا بیان............32
مؤنث کی اقسام وانواع:............32
فصل۔۔۔واحد، تثنیہ اور جمع کا بیان............32
فصل۔۔۔لفظ کے اعتبار سے جمع کی تقسیم............34
گیارہویں فصل۔۔۔ اقسامِ اعراب اسم متمکن............37
فصل۔۔۔اسمائے ستہ مکبرہ اور مثنی کا بیان............42
فصل۔۔۔جمع مذکر سالم،الف مقصورہ اور غیر جمع............44
فصل۔۔۔اسم منقوص اور جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم............47
اقسامِ اعرابِ اسمائے متمکن............49
بارہویں فصل۔۔۔اقسام اعراب فعل مضارع............52

تیر ہویں فصل۔۔۔عوامل کی اقسام.................................57
باب اول ۔۔۔ حروف عاملہ.................................57
فصل اول ۔۔۔۔۔اسم میں عمل کرنے والے حروف.................................57
فصل۔۔۔حروف مشبہ بالفعل کابیان.................................66
فصل۔۔۔ماولامشبہتان بلیس اورلائے نفی جنس کابیان.................................72
فصل۔۔۔حروف نداء کابیان.................................77
فصل دوم۔۔۔فعل مضارع میں عمل کرنے والے حروف کابیان.................................83
فصل ۔۔۔حروف جازمہ کابیان.................................89
بابِ دوم۔۔۔افعال عاملہ کابیان.................................95
فصل اول ۔۔۔فاعل ا ور منصوبات کابیان.................................95
فصل دوم ۔۔۔فاعل کی اقسام.................................103
فصل سوم ۔۔۔فعل متعدی کی اقسام وانواع.................................106
فصل چہارم ۔۔۔افعال ناقصہ.................................110
فصل پنجم۔۔۔افعال مقاربہ کابیان.................................111
فصل ششم ۔۔۔افعال مدح وذم کابیان.................................118
فصل ہفتم ۔۔۔ افعال تعجب کابیان.................................119
باب سوم۔۔۔اسماء عاملہ کابیان.................................124
فصل۔۔اسم فاعل،اسم مفعول،صفت مشبہ،اسم تفصیل،.................................130
اعرابِ مستثنٰی.................................163
اقسامِ اعراب مستثنٰی.................................164
اقسامِ اعراب مستثنی.................................167
ایک وہم کاازالہ!.................................180
مختصرالقدوری سےایک اقتباس!.................................181

پیشِ لفظ

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قرآن وحدیث اورعلوم عربیہ کو سمجھنے کے لیے علم نحو بنیادی اور کلیدی کردار ادا کرتا ہے،اس کے بغیر قرآن وحدیث کے اسرار ورُموز اور معانی ومفاہیم تک رسائی ناممکن ہے،جب کوئی شخص اس فن میں مہارتِ تامہ حاصل نہ کرے اس وقت تک اس کے لیے علوم عربیہ میں پیش قدمی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا،کیونکہ عربیت سیکھنے کے لیے یہ فن خشتِ اول کی حیثیت رکھتا ہے،اس لیے کہ عربی عبارت کا صحیح ضبط اور تلفظ اس علم پر موقوف ہے اوراس بات میں کوئی شک نہیں کہ عربی زبان کیساتھ ہمارا تعلق محض ایک زبان کی حیثیت سے رسمی اور وقتی نہیں،بلکہ اس کیساتھ ہماری دینی اور مذہبی وابستگی ہے،اسی وجہ سے اس زبان کا سیکھنا سکھانا ہمارے لیے ضروریاتِ دین میں داخل ہے،اگراس زبان سے ہمارا تعلق منقطع ہو جائے توخود دین سے بھی ہمارا تعلق براہ راست باقی نہیں رہے سکے گا،جس کا بالآخر نتیجہ یہ ہوگا ہے کہ جس طرح یہود ونصاری اور دیگر اہل ملل اپنی کتابوں اور صحیفوں کی اصل زبان سے محروم ہو جانے کے سبب سے اپنے دین سے محروم ہو بیٹھے اور تورات وانجیل اور صحائف سماویہ کی تعلیمات سے بالکل منحرف ہوکر رہ گیئں۔اوراحکامات الہیہ کو پسِ پُشت ڈال دیا۔اسی طرح اگر ہمارا تعلق اس زبان سے کٹ گیاتوہم بھی اپنے دین کو لاشعوری طورپر خیرباد کہہ کر کفروضلالت اورالحادوزندقہ کے سیلاب میں خس وخاشاک کی طرح بہہ جائیں گے اور خدانخواستہ ہم بھی قرآن کو محرفین کی ایک بازیگاہ بنادیں گے۔امت مسلمہ کواس فتنہ سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عربی کی تعلیم کو فروغ دیاجائے اوراس کی طرف خوب اعتناء اور توجہ دی جائے،تاکہ قرآن وحدیث کی اصل زبان میں مہارت حاصل ہو۔

یہی وجہ ہے کہ مدارسِ اسلامیہ میں سب سے پہلے طلبہ کرام کو علم نحو کے اصطلاحات اور قواعدوضوابط کو یاد کروانے کا اہتمام کیاجاتا ہے اورایک مبتدی طالب علم شب وروز اس فن کے حصول میں منہمک رہتا ہے اور اساتذہ کرام نحوی قواعد کی تطبیق اوراجراء میں اپنی پوری توانائی صرف کرتے ہیں،تاکہ طلبہ کرام میں عبارت صحیح پڑھنے کا ملکہ اوراستعداد پیدا ہو اور معانی ومفاہیم کو حتی الوسع صحیح طورپر ضبط کرسکیں۔لیکن اگر کوئی طالب علم اس فن کی طرف توجہ نہ دے تواس کی علمی عمارت ہمیشہ متزلزل رہتی ہے اوروہ فراغت کے بعد بھی عبارت پڑھنے میں فُحش اور مضحکہ خیز غلطیاں کرتا ہے، چنانچہ آپ دیکھتے ہیں کہ ایک عالم اور خطیب دروانِ تدریس ووعظ اگرنحوی غلطی کا ارتکاب کر بیٹھے مثلاً مرفوع کو منصوب،یامنصوب کو مرفوع اوریامرفوع کو مجرورپڑھنے کی غلطی کرے توطلبہ کا اس سے اعتماد اُٹھ

جاتا ہے اور ان کے دل و دماغ میں اس کا علمی و قار باقی نہیں رہتا، اس قسم کی غلطیاں کرنے والے بر سرِ مجلس شرمندگی اُٹھاتے ہیں۔ معروف عالم علامہ عبدالرحمن ابن الجوزیؒ (م 597ھ) نے ''اخبار الحمقی والمغفلین (ص 129)'' میں خلیفہ ولید بن عبدالملک کا ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ولید بن عبدالملک اکثر عبارت غلط پڑھتا تھا اور اعرابی غلطیوں کی وجہ سے بار بار ندامت اٹھانی پڑتی تھی، ایک مرتبہ ایک اَعرابی اپنے داماد کی شکایت کرنے آیا۔ خلیفہ نے پوچھا: ''مَا شَانَكَ؟'' تجھے کس چیز نے معیوب بنایا ہے؟ اَعرابی نے کہا: ''أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْنِ!'' میں عیب سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں! یہ حال دیکھ کر ولید کے بھائی سلیمان نے کہا خلیفہ صاحب کہتے ہیں۔ ''مَا شَأْنُكَ؟'' تیرا کیا معاملہ ہے؟ اَعرابی نے کہا: ''ظَلَمَنِيْ خَتَنِيْ!'' میرے داماد نے مجھ پر ظلم کیا ہے! ولید نے پوچھا: ''وَمَنْ خَتَنَكَ؟'' تیرا ختنہ کس نے کیا ہے؟ اعرابی نے کہا: ''رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ لَا أَعْرِفُ اسْمَهُ'' گاؤں کے کسی حجام نے کیا ہوگا مجھے نام یاد نہیں! سلیمان نے پھر تصحیح کرتے ہوئے کہا کہ خلیفہ صاحب کہتے ہیں: ''وَمَنْ خَتَنُكَ؟'' تیرا داماد کون ہے؟!

اس ضرورت کے پیش نظر اہل علم نے ہر دور میں اس موضوع پر مستقل کتابیں لکھیں اور اس فن کو آسان سے آسان تر بنانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ زیرِ نظر کتاب نویں صدی ہجری کے معروف عالم علامہ میر سید سند شریفؒ (م 816ھ) کی شہرہ آفاق تصنیف ہے، جو برصغیر کے مدارسِ اسلامیہ میں عرصہ دراز سے داخل نصاب ہے، اس کتاب کی افادیت کے پیش نظر اہل علم نے اس کی مختلف شروحات اور تعلیقات لکھیں۔ اور اس پر مختلف اضافات کیے، تاہم من جملہ ان اضافات میں حضرت مولانا عبداللہ گنگوہیؒ (م 1339ھ) کا یہ قابل قدر اضافہ ہے، آپ نے اصل کتاب ''نحوِ میر'' کو مختلف پیراؤں میں تقسیم کرکے ان کے آخر میں مشقوں کی صورت میں اضافہ کیا اور قرآن و حدیث اور عربی محاورات سے موقع و محل کے مطابق متنوع مثالیں پیش کیں اور ہر ایک اصطلاح کی تطبیق کے لیے خاطر خواہ مواد جمع کیا ہے، جس کو انہوں نے ''تسہیل النحو'' کے نام سے موسوم کیا ہے، یہ کتاب اکثر مدارس میں داخل نصاب ہے، اساتذہ اور مدرسین حضرات مختلف طریقوں سے طلبہ کرام کو اجراء کرواتے ہیں، ہر مدرس کا اپنا مخصوص طرز اور منہج ہے، تاہم ہمارے محترم و مشفق استاذ جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا حفیظ الرحمن صاحب کا طریقہ اجراء اور طرزِ ترکیب انتہائی اہمیت وافادیت کے حامل ہے، جس میں نحوی اجراء اور ترکیب دونوں عجیب و غریب انداز میں کروائے جاتے ہیں، طلباء کو صرف اجراء و تطبیق میں نہیں بلکہ نحوی تراکیب میں مکمل دسترس حاصل ہو جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اس منہج نے طلبہ کرام کے علم واتقان میں کلیدی کردار ادا کیا اور سینکڑوں علماء کو منصبِ تدریس پر فائز کیا۔ اس مخصوص طرز کی

ہمہ گیر افادیت دیکھ کر ہزاروں طلبہ کرام اپنی تشنگی بُجانے کے لیے شدِّ رحال کرتے ہیں اور حضرت الاستاذ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی ذوق واستطاعت کے مطابق استفادہ کرتے ہیں۔ حضرت الاستاذ کے خلوص اور شب وروز کی محنت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس طرز کو انتہائی مقبولیت سے نوازا، یہی وجہ ہے کہ یہ مخصوص طرزِ تدریس سینکڑوں مدارس ومکاتب میں رائج ہے- "اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ" اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔ "وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ" (الرعد:۱۷)

زیرِ نظر کتاب اس سلسلہ کو فروغ دینے کی ایک کڑی ہے، جس میں اجراء وترکیب کے علاوہ کچھ ضروری قواعد وفوائد کا اضافہ کیا گیا ہے جو اجراء اور تراکیب کے سمجھنے میں انشاء اللہ معاون ومدثابت ہوں گے اور ہر مشق کی مشکل تراکیب کو حاشیہ میں حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ،تاکہ ہر شخص کے لیے استفادہ میں آسانی رہے۔اور کتاب کے آخر میں مطالعہ اور حل عبارت کا ایک مخصوص طریقہ کار بیان کیا گیا ہے ،اگر ان اصول کی روشنی میں کسی بھی کتاب کا مطالعہ کیا جائے تو اللہ تعالی کے فضل وکرم سے چند دونوں میں عبارت کو صحیح پڑھنے کی استعداد اور معانی ومفاہیم کو کماحقہ اخذ کرنے کا ملکہ پیدا ہو جائے گا۔ آخر میں بندہ اپنے ان تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہے جنھوں نے اس سلسلہ میں ہماری مدد اور رہنمائی کی، بالخصوص میرے انتہائی مخلص بھائی مولانا کاشف مقصود، مولانا اسرار احمد الذہبی، مولانا شفیق الرحمن، مولانا شاہ زیب صاحب اور مولانا احسان اللہ صارم جنھوں نے اس کتاب پر نظر ثانی کی اور مخلصانہ مشورے دیے، اللہ تعالی ان سب حضرات کو اس کا احسن بدلہ عطاء فرمائے اور ہماری اس ادنی کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور اس کو میرے لیے، میرے والدین واساتذہ کرام کے لیے ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات بنادے۔ آمین!

ارشاد الرحمن المعتصم

۵ ذی الحجہ ۱۴۳۹

جامعہ اشاعت الاسلام اٹک شہر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍوَّاٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ.

أَمَّابَعْدُ: اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ یہ ایک مختصر رسالہ ہے جو علم نحو کے مسائل سمجھنے میں معاون ہے اور ابتدائی طالب علم کو عربی لغت کے مفردات یاد کر لینے ،اشتقاق کی پہچان اور صرف کی اہم باتوں کو ضبط کر لینے کے بعد نہایت آسانی کیساتھ ترکیب کا طریقہ کار بتلاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی توفیق و مدد کیساتھ جلد ہی معرب و مبنی کی معرفت اور عبارت کو درست پڑھنے کی استعداد اور صلاحیت عطاء کرتی ہے۔

فصل اول۔۔۔۔لفظ کی تقسیم

کلام عرب میں لفظ مستعمل کی دو قسمیں ہیں۔ 1۔مفرد 2 ۔مرکب

1۔مفرد کی تعریف: مفرد وہ اکیلا لفظ ہے جو ایک ہی معنی پر دلالت کرے اور اسے کلمہ بھی کہتے ہیں۔

کلمہ کی تین قسمیں ہیں:۔

1۔اسم ،جیسے ''رَجُلٌ'' 2۔ فعل، جیسے ''ضَرَبَ'' 3۔ حرف، جیسے ''هلْ''۔ان کی تفصیل صرف کی کتابوں میں مذکور ہے۔

2۔مرکب کی تعریف: مرکب وہ لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلمات سے مل کر بنے۔ پھر مرکب کی دو قسمیں ہیں۔

1۔مرکب مفید 2۔مرکب غیر مفید

1۔ مرکب مفید کی تعریف: وہ مرکب ہے کہ جب بات کہنے والا خاموش ہو جائے تو سننے والے کو خبر یا طلب کا فائدہ حاصل ہو۔اسے جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ پھر جملہ کی دو قسمیں ہیں۔ 1۔جملہ خبریہ 2۔جملہ انشائیہ

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ا: ہر وہ بات جو انسان کی زبان سے نکلے اسے لفظ کہتے ہیں، پھر لفظ اگر بامعنی ہو تو موضوع، جیسے ''زَيْدٌ'' اور اگر بے معنی ہو تو مہمل، جیسے ''دَيْز''۔

فائدہ نمبر ا: لفظ موضوع کے تین نام ہیں۔(1) موضوع (2) مستعمل (3) بامعنی۔اور لفظ مہمل کے چار نام ہیں۔(1) مہمل
(2) غیر موضوع (3) غیر مستعمل (4) بے معنی۔

قاعدہ نمبر ۲: ہر وہ کلمہ جو اپنے معنی پر بذات خود دال ہو اور اس میں تینوں زمانوں (ماضی، حال، استقبال) میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے تو اسے اسم کہتے ہیں، جیسے " فَرَسٌ، رَجُلٌ "وغیرہ، اور ہر وہ کلمہ جو اپنے معنی پر بذات خود دال ہو اور تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے تو اسے فعل کہتے ہیں، جیسے "ضَرَبَ، يَضرِبُ "وغیرہ، اور ہر وہ کلمہ جو اپنے معنی پر بذات خود دال نہ ہو تو اسے حرف کہتے ہیں، جیسے "مِنْ، إلى "وغیرہ۔

فائدہ نمبر ۲: مرکب مفید کے چھے نام ہیں۔(1) مرکب مفید (2) مرکب اسنادی (3) مرکب کلامی (4) مرکب تام (5) جملہ (6) کلام۔اور مرکب غیر مفید کے پانچ نام ہیں۔(1) مرکب غیر مفید (2) مرکب غیر اسنادی (3) مرکب غیر تام (4) مرکب ناقص (5) مرکبِ غیر کلامی۔

سوالات

ذیل کے الفاظ میں یہ بتاؤ کون مفرد ہے اور کون مرکب؟

فَرَسٌ، ضَرَبَ، قَدْ، ضَرَبَ زَيْدٌ، غُلَامُ زَيْدٍ، بَقَرَةٌ، خَمْسَةَ عَشَرَ، غَنَمٌ، زَيْدٌ قَائِمٌ، عَمْرٌو قَاعِدٌ، مَاءُ الْبِيْرِ، صَلَاةُ الظُّهْرِ، مَكَّةُ، مَدِيْنَةٌ، بَعْلَبَكُّ، حَجُّ الْبَيْتِ، ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا[۱]۔

---

(۱) **چند حل شدہ مثالیں:**

(1)۔۔ فَرَسٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم۔ (2)۔۔ ضَرَبَ زَيْدٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ۔باز" ضَرَبَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ مسند عامل فعل۔"زَيْدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، معمول مسند الیہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ۔(3)۔۔ غُلَامُ زَيْدٍ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب غیر مفید غیر اسنادی غیر کلامی غیر تام مرکب ناقص۔"غُلَامُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف۔"زَيْدٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص۔(4) خَمسَةَ عَشَرَ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب غیر مفید غیر اسنادی غیر کلامی غیر تام مرکب ناقص۔" خَمسَةَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء اول۔"عَشَرَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی۔جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص۔

فصل دوم۔۔۔جملہ خبریہ کا بیان

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ جملہ خبریہ وہ جملہ ہے کہ جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ کیساتھ موصوف کیا جا سکے،

پھر جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں:۔ 1۔ جملہ اسمیہ 2۔جملہ فعلیہ

1۔جملہ اسمیہ کی تعریف: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزء اسم ہو، جیسے "زَیْدٌ عَالِمٌ" اس کے جزءِاول کو مسندالیہ اور مبتداء کہتے ہیں اور جزءِثانی کو مسند اور خبر کہتے ہیں۔

2۔جملہ فعلیہ کی تعریف: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزء فعل ہو، جیسے "ضَرَبَ زَیْدٌ" اس کے جزءِاول کو مسند اور فعل کہتے ہیں اور جزءِثانی کو مسندالیہ اور فاعل کہتے ہیں۔

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ مسند حکم ہے اور مسندالیہ وہ ہے جس پر حکم لگایا جائے۔اسم مسند اور مسندالیہ دونوں ہو سکتا ہے۔ فعل مسند ہو سکتا ہے، مسندالیہ نہیں ہو سکتا اور حرف نہ مسند ہو سکتا ہے اور نہ ہی مسندالیہ ہو سکتا ہے۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ۱: جملہ اسمیہ وہ جملہ ہے ،جس کا پہلا جزء اسم ہو اور دوسرا جزء خواہ اسم ہو یا فعل ہو، جیسے "زَیْدٌ عَالِمٌ" اور "زَیْدٌ عَلِمَ" ان میں سے ہر ایک جملہ اسمیہ ہے اور ان کا پہلا جزء مسندالیہ ہے، جس کو مبتداء کہتے ہیں اور دوسرا جزء مسند ہے، جس کو خبر کہتے ہیں اور جملہ فعلیہ وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزء فعل ہو اور دوسرا جزء فاعل ہو، جیسے "اِسْتَغْفَرَ زَیْدٌ" اور "صَلّٰی حَامِدٌ"- ان میں سے ہر جملہ فعلیہ ہے، ان کا پہلا جزء مسند ہے، جس کو فعل کہتے ہیں اور دوسرا جزء مسندالیہ ہے جس کو فاعل کہتے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۲: مسندالیہ وہ ہوتا ہے جس کی طرف کسی اسم یا فعل کی نسبت کی جائے اور اس کو مبتداء اس لیے کہتے ہیں کہ اس سے جملہ کی ابتداء ہوتی ہے اور مسند وہ ہے کہ جس کی دوسرے کی طرف نسبت کی جائے اور اس کو خبر اس لیے کہتے ہیں کہ یہ پہلے اسم کی حال کی خبر دیتا ہے۔

فائدہ نمبر ۱: جملہ اسمیہ کے جزء اول کے پانچ نام ہیں۔(1) مسندالیہ (2) محکوم علیہ (3) مخبر عنہ (4) موضوع (5) مبتداء۔اور جزءِ ثانی کے آٹھ نام ہیں۔(1) مسند (2) مسند بہ (3) محکوم (4) محکوم بہ (5) مخبر

(6) مخبر بہ (7) محمول (8) خبر۔اور جملہ فعلیہ کے جزء اول کے دونام ہیں۔(1) فعل (2) مسند۔اور جزء ثانی کے بھی دونام ہیں۔(1) فاعل (2) مسند الیہ۔

قاعدہ نمبر۳: اگر جملہ کے شروع میں حرف ہوتو جملہ اسمیہ یافعلیہ ہونے میں اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا، جیسے ”مَاهٰذَابَشَراً“ اور ”قَدْأَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ“ وغیرہ۔البتہ اگر شروع میں شرط ہوتو جملہ شرطیہ اور ظرف ہوتو جملہ ظرفیہ کہلاتا ہے۔

قاعدہ نمبر۴: جملہ اسمیہ میں پہلے مبتداء پھر خبر ہوتا ہے، لیکن کبھی خبر مقدم ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ میں پہلے فعل پھر فاعل اور پھر مفعول ہوتا ہے، لیکن کبھی مفعول فاعل پر مقدم ہوتا ہے اور کبھی مفعول فعل اور فاعل دونوں پر مقدم ہوتا ہے، تاہم فاعل کبھی بھی فعل پر مقدم نہیں ہوتا۔

سوالات

ذیل کے لکھے ہوئے جملوں میں پہچانو، کون مسند ہے اور کون مسند الیہ؟ یہ بھی بتاؤ کہ کون لفظ مبتدا ہے اور کون خبر؟ اور کون فاعل ہے اور کون فعل؟ اور کونسا جملہ اسمیہ ہے اور کونسا فعلیہ؟ نیز ہر جملہ کی ترکیب کرو۔

اسْتَغْفَرَ زَيْدٌ، اجْتَنَبَتْ هِنْدٌ، الشَّمْسُ طَالِعَةٌ، الصَّلَاةُ حَاضِرَةٌ، الْمَاءُ بَارِدٌ، اللهُ اَ كْبَرُ، انْفَطَرَتِ السَّمَاءُ، احْمَرَّتْ هِنْدٌ، الْحَجُّ فَرِيضَةٌ، اَلصَّوْمُ فَرْضٌ، الْقِيَامَةُ اٰتِيَةٌ، الْجَنَّةُ حَقٌّ، النَّارُ حَقٌّ، الصِّرَاطُ حَقٌّ، الْمِيْزَانُ حَقٌّ، الْقَبْرُ رَوْ ضَةٌ، الرَّبُّ غَفُوْرٌ، اسْتَخْلَفَ بَكْرٌ، اخْضَرَّتِ الْاَرْضُ، أَسْلَمَ خَالِدٌ، أَذْهبَ بَكْرٌ، صَدَّقَ عَمْرٌو، امْلَوْلَحَ الْمَاءُ، زَيْدٌ دَاعٍ، صَامَ مَحْمُوْدٌ، صَلّٰى حَامِدٌ، حَجَّ حَمِيْدٌ، بَعْثَرَعَمْرٌو، النُّصْحُ وَاجِبٌ، سَمِعَ اللهُ ، اللهُ سَمِيْعٌ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلٌ[۲].

---

[۲] **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ (۱)- اِسْتَغْفَرَ زَيْدٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ ۔باز” اِسْتَغْفَرَ“لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ عامل مسند فعل۔”زَيْدٌ“لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ معمول مسند الیہ اسم فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔ ✍ (2) الشَّمْسُ طَالِعَةٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔”الشَّمْسُ“لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔” طَالِعَةٌ“لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند، مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ۔ ✍ (3) اَلْجَنَّةُ حَقٌّ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ

فصل سوم۔۔۔۔جملہ انشائیہ کا بیان

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے کہ جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ کیساتھ موصوف نہ کیا جاسکے،اس کی چند قسمیں ہیں۔امر، جیسے "اضْرِبْ"۔ نہی جیسے "لَا تَضْرِبْ"۔استفہام، جیسے "هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ"۔ تمنی، جیسے "لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ"۔ترجی، جیسے "لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ"۔عقود، جیسے "بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ"۔ نداء، جیسے "يَااللهُ"۔عرض، جیسے "أَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا"۔قسم ،جیسے "وَاللهِ لَأَضْرِبَنَّ زَيْداً"۔ تعجب، جیسے "مَاأَحْسَنَهُ وَأَحْسِنْ بِهِ".

قواعد و فوائد

فائدہ نمبر ا: تعریفات ذیل کو خوب یاد کرو۔

1۔امر: وہ جملہ انشائیہ ہے جس میں کسی کام کے ہونے یا کرنے کی طلب ہو، جیسے "اِضْرِبْ"۔2- نہی: وہ جملہ انشائیہ ہے کہ جس میں کسی کام کے نہ ہونے یا نہ کرنے کی طلب ہو، جیسے " لَا تَضْرِبْ"۔3-استفہام: وہ جملہ انشائیہ ہے کہ جس سے کسی واقعہ گزرے ہوئے یا موجود یا آئندہ سے سوال ہو،اور اس میں حرف استفہام آوے، جیسے " هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ"اور "أَزَيْدٌ قَائِمٌ"اور "أَتَضْرِبُ زَيْدًا"۔4- تمنی : وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات کی آرزو سمجھی جاوئے، جیسے "لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ"(کاش زید حاضر ہوتا)۔ 5- ترجی: وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات کی امید معلوم ہو، جیسے "لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ"(شاید عمرو غائب ہے)۔ 6۔عقود: وہ جملہ انشائیہ ہے جو کسی معاملہ کے (مثلاً خرید و فروخت کے) ایجاد کرنے کے واسطے بولا جاوے ، جیسے بیچنے والا بیچنے کے وقت کہے: "بِعْتُ"(فروخت کیا میں نے) اور خریدنے والا خریدنے کے وقت کہے: " اِشْتَرَيْتُ "(خریدا میں نے)۔7-نداء: وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کیا جاوے اور حرفِ نداء سے شروع ہو، جیسے " يَا زَيْدُ"(او زید!)۔8-عرض: وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی کو کسی کام پر برانگیختہ کیا جاوے اور اُبھارا جاوے، جیسے "أَلَا تَنْزِلُ بِنَا"(کیا نہیں آتا تو ہمارے پاس)۔ 9- قسم : وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات پر قسم کھاویں، جیسے "وَاللهِ"(قسم اللہ کی)۔10۔

اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔"اَلْجَنَّةُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسندالیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔"حَقٌّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند، مسندبہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ۔

تعجب: وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات پر تعجب ظاہر کریں، جیسے " مَااَحْسَنَهُ وَاَحْسِنْ بِه"(کیاہی حسین ہے وہ)۔

فائدہ نمبر۲: جمہور کے نزدیک فعل تعجب کے دو صیغے(مَاأَفْعَلَهُ،أَفْعِلْ بِه)ہیں،تاہم بعض حضرات نے"فَعُلَ" کاصیغہ بھی فعل میں داخل کیاہےاور تعجب کے دیگر صیغے بھی ہیں جوبلاوضع تعجب تعجب پر دلالت کرتے ہیں، جیسے "كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللهِ"(البقرة:28)اور"سُبْحَانَ اللهَ إِنَّ الْمُوْمِنَ لَايَنْجَسُ"اور"لِلّٰه دَرُّهُ"وغیرہ۔

فائدہ نمبر۳: "مَا أَفْعَلَهُ" کی ترکیب میں نحات کے تین اقوال ہیں:۔"مَا" میں تواتفاق ہے کہ یہ مبتداءہے،البتہ اس کے بعد میں اختلاف ہے۔1-امام سیبویہؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی"شَيْءٌ"نکرہ مبتداءاورمابعدوالاجملہ خبرہے۔2-امام اخفشؒ کے نزدیک "مَا"موصولہ ہے اورمابعدوالاجملہ صلہ ہے،موصول صلہ مل کر مبتداء ہے اور خبر"شَيْءٌ عَظِيْمٌ" محذوف ہے۔3-امام فراءؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی"أَيُّ شَيْءٍ" مبتداءاورمابعدوالاجملہ خبرہے۔

فائدہ نمبر۴:"أَفْعِلْ بِهِ"لفظاامر کاصیغہ ہے اور معنًا خبرہےاوریہ اصل میں ماضی کاصیغہ ہے،اس صیغے کی ترکیب میں نحات کااختلاف ہے۔1-امام سیبویہؒ کے نزدیک"أَحْسِنْ"صیغہ امر ماضی"أَحْسَنَ" کے معنی میں ہوکر"زَيْدٌ"اس کے لیے فاعل بنے گااور"ب" جارہ زائدہ ہےاور ہمزہ صیرورت کاہے۔معنی ہوگا۔"صَارَزَيْدٌذَاحُسْنٍ"- 2-امام اخفشؒ کے نزدیک "أَحْسِنْ" صیغہ امراپنے معنی میں ہےاور ضمیراس میں فاعل ہے اور"ب"تعدیہ کے لیے ہےاور"زَيْدٌ"مفعول بہ ہے۔

سوالات

ذیل کی مثالوں میں یہ بتاؤ کہ کون ساجملہ خبریہ اور کونساجملہ انشائیہ؟اورانشائیہ کی کونسی قسم ہے؟

اَسْلِمُوْا، اٰمَنُوْا، لاَ تَكْفُرُوْا، بَشِّرْ، لَيْتَ زَيْدًا عَالِمٌ، حَمِدَ بَكْرٌ، اَتَقْتُلُوْنَ، اٰمَنَّا، اَبْصِرْ بِه، مَا اَعْجَلَ زَيْدًا، اَلاَ تُكْرِمُ زَيْدًا، لاَ تَقُوْلُوْا، لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ، اَزَيْدٌ قَاعِدٌ، نَكَحْتُ، لَعَلَّ بَكْرًا نَائِمٌ، مَنْ جَاءَ، مَنْ اَبُوْكَ، كَبِّرْ-(3)

---

(۳) **چندحل شدہ مثالیں:**

(1)۔ ''أَسْلِمُوْا'': لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ امریہ۔ باز''أَسْلِمْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ عامل مسند فعل۔''و''ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسندالیہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

(2)۔ ''أَبْصِرْبِهِ'': اس کی دو ترکیبیں ہیں:۔ **پہلی ترکیب**: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اورکلام جملہ انشائیہ تعجبیہ۔باز''أَبْصِرْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل امر حاضر معلوم بمعنی''أَبْصَرَ''(عندسیبویہ) ''أَبْصَرَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل۔''ب''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف حرفِ جارہ زائدہ۔ ''ہ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مجرور۔ جار مجرور مستغنی از متعلق ہو کر فاعل ہوا''أَبْصَرَ''فعل کے لیے۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔ **دوسری ترکیب**: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ۔باز''أَبْصِرْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل امر حاضر معلوم(عندالاخفش) اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسندالیہ فاعل۔''ب''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف حرفِ جارہ ''ہ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا''أَبْصِرْ''فعل کیساتھ۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

(3)۔''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'':اس کی تین ترکیبیں ہیں:۔

پہلی ترکیب: ''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'': لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ۔ ''مَا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ۔۔ بمعنی''شَيْءٌ''(عندسیبویہ)مسندالیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔''أَعْجَلَ زَيْدًا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ باز''أَعْجَلَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل۔اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسندالیہ فاعل۔''زَيْدًا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔ **دوسری ترکیب**: ''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'': لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ۔ ''مَا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم موصولہ۔۔(عندالاخفش) ''أَعْجَلَ زَيْدًا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ باز''أَعْجَلَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل۔اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسندالیہ فاعل۔''زَيْدًا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا''مَا''موصولہ۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر مسندالیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔اس کی خبر''شَيْءٌ عَظِيْمٌ''محذوف ہے۔''شَيْءٌ عَظِيْمٌ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص۔ باز''شَيْءٌ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم موصوف۔''عَظِيْمٌ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم صفت۔ موصوف اپنے صفت سے مل کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

فصل سوم۔۔۔ مرکب غیر مفید کا بیان

مرکب غیر مفید: وہ مرکب ہے کہ جب کہنے والا بات کہہ کر خاموش ہو جائے، تو سننے والے کو اس سے کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو۔

پھر مرکب غیر مفید کی تین قسمیں ہیں:

اول۔۔۔ مرکب اضافی: جیسے "غُلَامُ زَیْدٍ" اس کے پہلے جزء کو مضاف کہتے ہیں اور دوسرے جزء کو مضاف الیہ کہتے ہیں، اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

دوم۔۔۔ مرکب بنائی: یہ وہ مرکب غیر مفید ہے کہ جس میں دو اسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو، اور دوسرا اسم کسی حرف کو متضمن ہو، جیسے "اَحَدَ عَشَرَ" سے لے کر "تِسْعَةَ عَشَرَ" تک، جو کہ اصل میں "اَحَدٌ وَّعَشَرٌ" اور "تِسْعَةٌ وَ

تیسری ترکیب: "مَا أَعْجَلَ زَيْدًا": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ۔ "مَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ۔۔ بمعنی "أَيُّ شَيْءٍ" (عند فراء)۔ باز "أَيُّ شَيْءٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص۔ باز "أَيُّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف۔ "شَيْءٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔ "أَعْجَلَ زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ باز "أَعْجَلَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل۔ "زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

(4) "لَيْتَ زَيْداً عَالِمٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تمنائیہ۔ "لَيْتَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف از حروف مشبہ بالفعل۔ "زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم۔ اسمِ "لَيْتَ"۔ "عالم" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم خبر "لَيْتَ"۔ "لَيْتَ" اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تمنائیہ ہوا۔

(5)۔ "مَنْ جَاءَ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ استفہامیہ۔ "من" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم استفہام مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔ "جاء" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ "جاء" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند امسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

عَشَرٌ'' تھے ،واؤ کو گرا کر دونوں اسموں کو ایک کر دیا گیا اور اس کے دونوں جزء مبنی بر فتحہ ہوتے ہیں ، سوائے ''اِثْنَاعَشَرَ'' کے۔کیونکہ اس کا پہلا جزء معرب ہے۔

سوم۔۔۔۔۔مرکب منع صرف: وہ مرکب غیر مفید ہے کہ جس میں دواسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو،اور دوسرا اسم کسی حرف کو متضمن نہ ہو، جیسے ''بَعْلَبَكُّ وَ حَضْرَ مَوْتُ''اس کا پہلا جزء اکثر علماء کے نزدیک مبنی بر فتحہ ہوتا ہے، جب کہ دوسرا جزء معرب ہوتا ہے۔مرکب غیر مفید(مکمل جملہ نہیں ہوتا بلکہ)ہمیشہ جملہ کا جزء ہوتا ہے، جیسے ''غُلَامُ زَيْدٍ قَائِمٌ، و عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَدِرْهماً، وَجَاءَبَعْلَبَكُّ''۔

قواعد و فوائد

فائدہ نمبرا: مرکب غیر مفید کی پانچ قسمیں ہیں:(1)مرکب اضافی (2) مرکب توصیفی (3)مرکب بنائی(4)مرکب منع صرف (5) مرکب صوتی۔ان کی وجہ حصریہ ہے کہ جزء ثانی جزء اول کے لیے قید ہوگا یا نہیں، اگر ہو پھر دو حال سے خالی نہیں، باعتبار اضافت ہوگا یا باعتبار صفت ہوگا، اگر باعتبار اضافت ہو تو مرکب اضافی، جیسے ''غُلَامُ زَيْدٍ''وغیرہ۔ اور اگر باعتبار صفت ہو تو مرکب توصیفی، جیسے ''رَجُلٌ عَالِمٌ''وغیرہ۔اور اگر جزء ثانی جزء اول کے لیے قید نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، جزء ثانی صوت ہوگا یا نہیں، اگر ہو تو مرکب صوتی، جیسے ''سِيْبَوَيْه، زَنْجَوَيْه'' وغیرہ۔ اور اگر نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، جزء ثانی متضمن بحرف ہوگا یا نہیں، اگر ہو تو مرکب بنائی، جیسے ''أَحَدَعَشَرَ، خَمسَةَ عَشَرَ''وغیرہ۔اور اگر جزء ثانی متضمن بحرف نہ ہو تو مرکب منع صرف، جیسے ''بَعْلَبَكُّ،مَعْدِیْ كَرَبُ'' وغیرہ۔

قاعدہ نمبرا: مرکب اضافی میں مضاف کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔مرکب توصیفی میں موصوف کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے اور صفت کا اعراب موصوف کی طرح ہوتا ہے۔مرکب بنائی میں دونوں جزء مبنی بر فتح ہوتے ہیں، سوائے ''إِثْنَاعَشَرَ'' کے کہ اس کا جزء اول معرب (بدلتا رہتا) ہوتا ہے۔مرکب صوتی کے دونوں جزء مبنی بر فتحہ ہوتے ہیں۔اور مرکب منع صرف میں جزء اول مبنی بر فتحہ ہوتا ہے، بشرطیکہ اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو، ورنہ مبنی بر سکون ہوتا ہے اور جزء ثانی معرب (باعراب غیر منصرف) ہوتا ہے۔

قاعدہ نمبر۲: مضاف کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے، یعنی عامل رفعی کی وجہ سے مرفوع، عامل نصبی کی وجہ سے منصوب اور عامل جری کی وجہ سے مجرور ہوگا اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے، جیسے ''كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ

الْمَوتِ"، "وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ"، "وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَسُوْلٌ"۔ اب ان مثالوں میں لفظ "كُلّ" مضاف ہے، پہلی مثال میں مرفوع، دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور ہے اور مضاف الیہ "نَفْسٍ، كُفَّارٍ، أُمَّةٍ" مجرور ہے۔

فائدہ نمبر ۲: جملہ مرکبات نحویہ چھ (1۔ مرکب مفید 2۔ مرکب اضافی 3۔ مرکب توصیفی 4۔ مرکب صوتی 5۔ مرکب بنائی 6۔ مرکب منع صرف) ہیں، جو ان اشعار میں مذکور ہیں۔

بود ترکیب نزد نحویاں شش بیادش گیر از خائف زفوتی

اضافی داں و توصیفی و مزجی و تعدای و اسنادی و صوتی

سوالات

ذیل کی مثالوں میں مرکبِ غیر مفید کی قسمیں بتاؤ ؟ اور ہر مثال کا ترجمہ کرو ؟ اور مرکباتِ اضافیہ میں مضاف و مضاف الیہ کو پہچانو؟

رَسُوْلُ اللّٰهِ، دِيْنُ اللّٰهِ، بَيْتُ اللّٰهِ، صَلَاةُ الْعِشَاءِ، خَمْسَةَ عَشَرَ، صَلَاةُ اللَّيْلِ، مِلَّةُ الْاِسْلَامِ، مَاءُ الْبِيْرِ، سَاكِنُ الْبَيْتِ، مَعْدِیْ كَرِبُ، حَضَرَ مَوْتُ، اَبُوْ حَارِثٍ، اَبُوالْقَاسِمِ، دَارُ زَيْدٍ، رُوْحُ الْاِنْسَانِ، وَرَقُ الشَّجَرِ، مَاءُ الْوُضُوْءِ، ثَوْبُ بَكْرٍ، اَخُوْ عَمْرٍو، جَارُ اللّٰهِ۔[٤]

ذیل کی مثالوں میں مرکبِ غیر مفید خبر و جملہ ہے، ان کی ترکیب و ترجمہ کرو؟

---

[٤] **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ (1)۔ "رَسُوْلُ اللّٰهِ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ باز "رَسُوْلُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف۔ لفظ "اللّٰهِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی۔ ✍ (2)۔ "خَمسَةَ عَشَرَ": مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب بنائی۔ باز "خَمسَةَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء اول۔ "عَشَرَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی۔ جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب بنائی۔ ✍ (3)۔ "مَعدِی کَرَب": مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب منع صرف۔ باز "مَعدِی" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء اول۔ "کَرَبَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی۔ جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب منع صرف۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ، حَجُّ الْبَيْتِ فَرْ ضٌ، صَوْمُ رَمَضَانَ فَرْضٌ، اَلْكَعْبَةُ بَيْتُ اللّٰهِ، عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ، قَامَ عَبْدُاللّٰهُ، صَلّٰى غُلَامُ بَكْرٍ، جَلِيْسُ السُّوْءِ شَيْطَانٌ، جَلِيْسُ الْخَيْرِ غَنِيْمَةٌ، أَدَاءُ الزَّكَاةِ بَرَكَةُ الْمَالِ، عِنْدِیْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ كِتَابًا، اِخْرَوْرَقَ ثَوْبُ بَكْرٍ، مَاءُ الْحَوْضِ حَارٌّ، لِحْيَةُ عَمْرٍو طَوِيْلَةٌ، دَارُ زَيْدٍ وَسِيْعَةٌ، اِخْضَرَّ وَرَقُ الشَّجَرَةِ، اِغْبَرَّ وَجْهُ زَيْدٍ، اِصْفَرَّ وَرَقُ الشَّجَرِ، اِحْمَرَّ وَجْهُ عَمْرٍو، صَلَاةُ اللَّيْلِ بَهاءُ النَّهارِ، تَوَاضُعُ الْمَرْءِ كَرَامَةٌ.

فصل چہارم ۔۔۔۔کلماتِ جملہ کا بیان

کوئی جملہ دو کلمات سے کم نہیں ہوتا ہے، خواہ وہ دو کلمے لفظًا ہوں، جیسے ''ضَرَبَ زَيْدٌ''اور''زَيْدٌ قَا ئِمٌ''یا(یہ دو کلمے) تقدیراً ہوں، جیسے '' اِضْرَبْ''کہ ''أَنْتَ''اس میں چھپا ہوا ہے اور جملہ میں اس سے زیادہ بھی کلمات ہوتے ہیں ،تاہم زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ جب جملے کے کلمات زیادہ ہوں، تو پھر اس میں اسم، فعل اور حرف کو ایک دوسرے سے جدا کرنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ معرب ہے یا مبنی؟اور عامل ہے یا معمول؟اور اس بات کو جاننا چاہیے کہ کلمات کا تعلق ایک دوسرے کیساتھ کس طرح کا ہے؟ تاکہ مسند اور مسند الیہ ظاہر ہو جائیں اور جملے کے معانی تحقیق کے ساتھ معلوم ہو جائیں۔

فصل پنجم۔۔۔۔اسم وفعل اور حرف کی علامات

علامات اسم : اسم کی علامات یہ ہیں:

1۔۔۔الف ولام شروع میں ہو، جیسے ''اَلْحَمْدُ'' 2۔۔۔یا حرف جر اس کے شروع میں ہو، جیسے ''بِزَيْدٍ''- 3۔۔۔یا تنوین آخر میں ہو، جیسے ''زَيْدٌ''- 4۔۔۔یا مصغّر ہو، جیسے ''قُرَيْشٌ'' 5۔۔۔یا منسوب ہو، جیسے ''بَغْدَادِیٌّ'' 6۔۔۔یا تائے متحرکہ اس کیساتھ ہو، جیسے ''ضَارِبَةٌ''- 7۔۔۔یا تثنیہ ہو، جیسے ''رَجُلَانِ'' 8۔۔۔یا جمع ہو، جیسے ''رِجَالٌ'' 9۔۔۔یا موصوف ہو، جیسے ''جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ'' 10۔۔۔یا مضاف ہو، جیسے ''غُلَامُ زَيدٍ'' 11۔۔۔مسند الیہ ہو، جیسے ''زَيدٌقَائِمٌ''-

علاماتِ فعل : فعل کی علامات یہ ہیں:

1۔۔۔"قَدْ"اس کے شروع میں ہو، جیسے "قَدْ ضَرَبَ" 2۔۔۔یا سین شروع میں ہو، جیسے "سَیَضْرِبُ" 3۔۔۔یا سوف شروع میں ہو، جیسے "سَوْفَ یَضْرِبُ" 4۔۔۔یا جزم ہو، جیسے "لَمْ یَضْرِبْ" 5۔۔۔یا ضمیر مرفوع متصل اس کے ساتھ ملی ہو، جیسے "ضَرَبْتَ" 6۔۔۔یا تائے ساکن ہو، جیسے "ضَرَبَتْ" 7۔۔۔یا امر ہو، جیسے "اِضْرِبْ" 8۔۔۔یا نہی ہو، جیسے "لَا تَضْرِبْ"۔

علاماتِ حرف: حرف کی علامات یہ ہے کہ اسم اور فعل کی علامات میں سے کوئی علامت اس میں نہ ہو۔

قواعدوفوائد

قاعدہ نمبرا: اسم کے مذکورہ علامات کے علاوہ دیگر علامات بھی ہیں، جیسے منادی، علم، معرفہ، نکرہ، تمیز واقع ہونا، حال واقع ہونا، منصرف، غیر منصرف ہونا، ذوالحال واقع ہونا اور موصوف واقع ہونا وغیرہ۔ اور فعل کے مذکورہ علامات کے علاوہ دیگر علامات بھی ہیں، جیسے تصریف، دخول نواصب، دخول حرف لو، نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ کا ملحق ہونا اور ضمیر بارز کا متصل ہونا وغیرہ۔

فائدہ نمبرا: اسم کی مشہور گیارہ علامات ہیں، جو ان اشعار میں مذکور ہیں۔

لام وتنوین حرف جر مسند الیہ منسوب داں — پس مصغر مثنی مجموع مضاف را بخواں

نیز تائے متحرکہ موصوف علامات اسم داں — نظم کردم آنچہ دیدم در کتاب نحویاں

اور فعل کی آٹھ علامات ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں۔

سین وسوف جازمہ قد تائے ساکنہ امر داں — نیز اتصال تائے فَعَلْتُ نہی علامات فعل داں

سوالات

الفاظِ ذیل میں علامات سے پہچان کر بتاؤ کہ کونسا لفظ اسم ہے؟ اور کونسا فعل اور کونسا حرف؟ اور اس علامت کو بھی ظاہر کرو، جس سے تم نے پہچانا ہے؟

رَسُوْلُ اللهِ، اَلْجَنَّةُ، اَلصِّرَاطُ، كُوِّرَتْ، عَلٰى، سَمِعْتَ، دَخَلْتُ، سَاحِرَانِ، سَوْفَ يَكُوْنُ، سَيَكُوْنُ، لَا تَنْفَطِرْ، مَا، رُجَيْلٌ، بَلْخِيٌّ، مَسَاجِدُ، مُحَمَّدٌ نَبِيٌّ، مَكِّيٌّ، جَاءَ رَسُوْلُ اللهِ، لِلّٰهِ، رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ، تَوْبَةٌ، شَاهِدَةٌ، قَدْ سَمِعَ.

فصل ششم۔۔۔۔معرب و مبنی کا بیان

تمام کلماتِ عرب دو قسم پر ہیں:۔ (1) معرب (2) مبنی

1) ۔۔۔معرب: وہ کلمہ ہے کہ جس کا آخر مختلف عوامل کے آنے سے بدلتا ہو، جیسے ''زَیْدٌ'' ان مثالوں ''جَاءَنِیْ زَیْدٌ وَ رَاَیْتُ زَیْدًا وَ مَرَرْتُ بِزَیْدٍ'' میں ''جَا ءَ'' عامل ہے اور ''زَیْدٌ'' معرب ہے اور ''ضمہ'' اعراب ہے اور ''دال'' محل اعراب ہے۔

2) ۔۔۔مبنی: وہ کلمہ ہے کہ جس کا آخر عوامل کے بدلنے سے نہ بدلے، جیسے ''ھٰؤُلَآءِ'' ان مثالوں ''جَاءَ نِیْ ھٰؤُلَآءِ وَ رَاَیْتُ ھٰؤُلَآءِ وَمَرَرْتُ بِھٰؤُلَآءِ'' میں رفع و نصب اور جر کی حالت میں اعراب یکساں ہے۔

فصل ہفتم ۔۔۔۔مبنی ومعرب کی اقسام

مبنی کی تین اقسام ہیں:۔

1) ۔۔۔تمام حروف مبنی ہیں۔

2) ۔۔۔افعال میں سے فعل ماضی اور امر حاضر معروف اور فعل مضارع بھی نون جمع مؤنث اور نون تاکید کے ساتھ مبنی ہے۔

3) اسم غیر متمکن مبنی ہے۔

معرب کی دو قسمیں ہیں:۔

1) ۔۔۔اسم متمکن معرب ہے، بشر طیکہ ترکیب میں واقع ہو۔

2) ۔۔۔اور فعل مضارع معرب ہے، بشر طیکہ نون جمع مؤنث اور نون تے تاکید سے خالی ہو، لہذا کلام عرب میں ان دو قسموں سے زیادہ معرب نہیں ہے۔ باقی تمام مبنی ہیں۔

اسم متمکن و غیر متمکن کی تعریف:

اسم غیر متمکن: وہ اسم ہے، جو مبنی الاصل کے مشابہ ہو۔اور مبنی اصل تین چیزیں ہیں:۔

(1) فعل ماضی (2) امر حاضر معروف (3) تمام حروف

اسم متمکن: وہ اسم ہے جو مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ۱: اسموں میں اکثر اسماء سوائے اسم غیر متمکن معرب ہیں اور صرف اسم غیر متمکن (مضمرات، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، اسمائے افعال، اسمائے اصوات، اسمائے ظروف، اسمائے کنایات اور مرکب بنائی) مبنی ہے۔

قاعدہ نمبر ۲: جہاں معرب ہو وہاں چار چیزیں ہوتی ہیں:۔(1) عامل (جس کی وجہ سے اعراب بدلے) (2) معمول (جس پر اعراب بدلے) (3) اعراب (جو چیز بدلے) (4) محل اعراب (جس حرف پر اعراب بدلے)۔

قاعدہ نمبر ۳: فعل مضارع کے دو صیغے مبنی ہیں، جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید ہو۔اور فعل مضارع کے نون اعرابی کے سات صیغے نون تاکید کیساتھ بھی مبنی ہیں۔

فائدہ نمبر ۱: مبنی الاصل وہ ہوتا ہے، جو وضع اصلی کے اعتبار سے بغیر کسی مناسبت ومشابہت مبنی ہو۔اور مشابہ مبنی الاصل وہ ہوتا ہے، جو مناسبت یا مشابہت کی وجہ سے مبنی ہو۔

قاعدہ نمبر ۴: ماضی مطلقاً مبنی ہے، معلوم ہو یا مجہول۔امر حاضر معلوم مبنی ہے اور امر حاضر مجہول، امر غائب مطلقاً (خواہ معلوم ہو یا مجہول) اور نہی مطلقاً (خواہ حاضر ہو یا غائب یا معلوم ہو یا مجہول) مضارع کے تابع ہیں، یعنی کچھ معرب اور کچھ مبنی ہیں۔

سوالات

ذیل کے الفاظ میں بتاؤ کہ کونسا لفظ معرب ہے اور کونسا مبنی؟ اور مبنی اصل بھی بتاؤ؟

اِفْتَحُوْا، لَمْ يَفْعَلْ، لَنْ يَّسْمَعُوْا، اِضْرِبْنَانِّ، هٰذَا كِتَابِيْ، نَصَرَ، سَمِعَ، يَجْتَنِبْنَ [۵]۔

---

(۵) **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ ۱---اِفتَحُوْا: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ باز "اِفْتَحْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل، فعل امر حاضر معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ "و" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معمول مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ذیل کی عبارات میں ہر کلمہ کو معین کر کے بتاؤ کہ وہ معرب ہے یا مبنی؟

يَاأَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ، اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ

فصل ہشتم ۔۔۔۔۔۔اسم غیر متمکن کی اقسام

اسم غیر متمکن کی آٹھ قسمیں ہیں:

1۔۔۔مضمرات: جیسے "أَنَا" (میں ایک مرد اور عورت)۔ "ضَرَبْتُ" (میں نے مارا)۔ "إِيَّا يَ" (خاص مجھ کو)۔ "ضَرَبَنِيْ" (اس نے مجھ کو مارا)۔ "لِيْ" (میرے لیے)۔ ضمائر کل ستر ہیں:۔

چودہ مرفوع متصل: ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ.

اور چودہ مرفوع منفصل: أَنَا نَحْنُ اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ هُوَ هُمَا هُمْ هِيَ هُمَا هُنَّ.

اور چودہ منصوب متصل: ضَرَبَنِيْ ضَرَبَنَا ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ ضَرَبَهُ ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ.

اور چودہ منصوب منفصل: إِيَّاىَ إِيَّانَا إِيَّاكَ إِيَّاكُمَا إِيَّاكُمْ إِيَّاكِ إِيَّاكُمَا إِيَّاكُنَّ إِيَّاهُ إِيَّاهُمَا إِيَّاهُمْ إِيَّاهَا إِيَّاهُمَا إِيَّاهُنّ. اور چودہ مجرور متصل: لِيْ لَنَا لَكَ لَكُمَا لَكُمْ لَكِ لَكُمَا لَكُنَّ لَهُ لَهُمَا لَهُمْ لَهَا لَهُمَا لَهُنَّ.

سوم: اسماءے اشارات: ذَا وذَانِ وذَيْنِ وتَا و تِيْ وتِه وذِهْ وذِهِيْ وتِهِيْ وتَانِ وتَيْنِ واُولَآءِ بمد اُولٰى بقصر.

اسمائے موصولہ: اَلَّذِى وَالَّذَانِ و اَلَّذَيْنِ وَالَّذِيْنَ وَالَّتِيْ وَالَّتَانِ وَالَّتَيْنِ وَاللَّاتِيْ وَاللَّوَاتِيْ ومَا ومَنْ واَىٌّ واَيَّةٌ اور الف ولام جو اسم فاعل اور اسم مفعول میں داخل ہوتاہے، وہ "اَلَّذِيْ" کے معنی میں ہوتاہے، جیسے "اَلضَّارِبُ، اَلمَضْرُوْبُ" بمعنی "اَلَّذِ ىْ ضَرَبَ، اَلَّذِىْ ضُرِبَ". اسی طرح قبیلہ بنی طے کی لغت میں "ذُو" بمعنی

۲---لَمْ يَفْعَلْ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔ "لَمْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف از حروفِ جوازم مبنی، مبنی الاصل۔ "يَفْعَلْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامات فعل دخول جوازم فعل مضارع معرب عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معمول مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔

''اَلَّذِیْ'' ہوتا ہے، جیسے ''جَاءَ نِیْ ذُوْ ضَرَبَكَ'' یعنی ''جَاءَ نِی الَّذِیْ ضَرَبَكَ''. ''اَیٌّ'' اور ''اَیَّةٌ'' معرب ہیں۔

تعریفاتِ ذیل کو خوب زبانی یاد کرلو؟

1) ۔۔۔ مرفوع متصل: وہ ضمیریں جو فعل سے ملی ہوئی آتی ہیں اور ہمیشہ فاعل ہوتی ہیں۔

2) ۔۔۔ مرفوع منفصل: وہ ضمیریں جو فعل سے علیحدہ آتی ہیں اور ترکیب میں مبتدا یا خبر یا فاعل ہوتی ہیں،

3) ۔۔۔ منصوب متصل: وہ ضمیریں جو فعل سے ملی ہوئی آئیں اور ترکیب میں مفعول بہ ہوں یا ایسے حرفوں سے ملیں جو اسم کو نصب کرتے ہیں، جیسے ''إِنِّی ،إِنَّا،إِنَّكَ الخ۔۔۔

4) ۔۔۔ منصوب منفصل، وہ ضمیریں جو فعل سے علیحدہ آئیں اور مفعول بہ ہو۔

5) مجرور متصل: وہ ضمیریں جو حروف جارہ سے ملیں جیسے ''لِیْ، لَنَا،۔۔۔۔۔الخ یا مضاف سے ملکر مضاف الیہ ہوں ''غُلَامِیْ،غُلَامُنَا، غُلَامُكَ الخ۔۔۔وغیرہ۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ۱: (1) اسم ضمیر: وہ اسم غیر متمکن ہیں، جو متکلم یا مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرے، جس کا ذکر لفظاً یا معنیً یا حکماً ہو چکا ہو۔ (2) اسم موصول: وہ اسم غیر متمکن ہے جو بغیر صلہ کے جملہ کا جزء تام نہ بن سکے۔ (3) اسم اشارہ: وہ اسم ہے جو کسی محسوس چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ (4) اسم فعل: وہ اسم غیر متمکن ہے جو فعل کے معنی، زمانہ اور عمل کو متضمن ہو، اور فعل کی علامتوں کو قبول نہ کرتا ہو۔ (5) اسم صوت: وہ اسم غیر متمکن ہے جس کے ذریعے کسی چیز کی آواز نقل کی جائے، یا کسی جانور کو آواز دی جائے۔ (6) اسم ظرف: وہ اسم غیر متمکن ہے جو کسی کام کے وقت یا جگہ پر دلالت کرے۔ (7) کنایہ: وہ اسم غیر متمکن ہے جو عدد مبہم یا کلام مبہم پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ (8) مرکب بنائی: وہ مرکب ہے، جس میں دو اسموں کو بلا نسبت اضافی و اسنادی ایک کر لیا گیا ہو۔ اور دوسرا اجزء حرف کو متضمن ہو۔

قاعدہ نمبر ۲: ضمیر مرفوع منفصل اکثر جملے کے شروع میں آتی ہیں اور ترکیب میں مبتداء واقع ہوتی ہیں، جیسے ''أَنَا قَائِمٌ'' اور کبھی فعل کے بعد واقع ہوتی ہیں اور ترکیب میں فاعل یا نائب فاعل واقع ہوتی ہیں، جیسے ''مَاضَرَبَ إِلَّا أَنَا'' وغیرہ۔

قاعدہ نمبر۳: ضمیر منصوب متصل اگر فعل کے بعد آئیں تو ترکیب میں مفعول بہ واقع ہوتی ہیں، جیسے "ضَرَبَنِيْ" اور اگر حروف مشبہ بالفعل کے بعد آئیں تو ان کا اسم بنتی ہیں، جیسے "إِنَّنِيْ" وغیرہ۔اور ضمیر منصوب منفصل ترکیب میں مفعول بہ واقع ہوتی ہیں اور اکثر فعل سے پہلے آتی ہیں، جیسے "إِيَّاكَ نَعْبُدُ" وغیرہ۔

قاعدہ نمبر۴: اگر اسم اشارہ کے بعد اسم معرف باللام یا اسم موصول ہو تو عموماً تین تراکیب ہو سکتی ہیں:۔(1) موصوف صفت (2) مبین عطف بیان (3) مبدل منہ بدل۔ جیسے "هَذَا الرَّجُلُ خَالِيْ، ذَانِكَ الرَّجُلاَنِ ذَهَبَا" وغیرہ۔

قاعدہ نمبر۵: "أَيٌّ وَأَيَّةٌ" کی چار حالتیں ہیں، ایک حالت میں مبنی اور تین حالتوں میں معرب ہیں۔وجہ حصریہ ہے کہ "أَيٌّ وَأَيَّةٌ" مضاف ہوں گے یا نہیں، اگر مضاف نہ ہوں تو پھر دو حال سے خالی نہیں، صدرِ صلہ مذکور ہو گا، یا نہیں، اگر صدرِ صلہ مذکور ہو تو معرب، جیسے "أَيٌّ هُوَقَائِمٌ"، اگر مذکور نہ ہو تو پھر بھی معرب، جیسے "أَيٌّ قَائِمٌ"۔ اور اگر مضاف ہوں تو پھر دو حال سے خالی نہیں، صدرِ صلہ مذکور ہو گا یا نہیں، اگر مذکور ہو تو معرب، جیسے "أَيُّهُمْ هُوَقَائِمٌ"، اگر مذکور نہ ہو تو پھر مبنی، جیسے "أَيُّهُمْ قَائِمٌ"-

قاعدہ نمبر۶: صلہ جملہ خبریہ ہوتا ہے، جس میں دو چیزیں ہوتی ہیں، ایک مسند الیہ اور دوسرا مسند۔ مسند الیہ کو صدرِ صلہ کہتے ہیں اور صلہ میں ایک ضمیر ہوتی ہے، جو اسم موصول کی طرف راجع ہوتی ہے، جیسے "هُوَالَّذِيْ خَلَقَكُمْ" یہاں "خلق" میں ضمیر ہے، جو "الَّذِيْ" اسم موصول کی طرف راجع ہے۔

قاعدہ نمبر۷: صلہ یا جملہ ہو گا یا شبہ جملہ ہو گا، اگر جملہ ہو تو اس کے لیے جملہ خبریہ ہونا ضروری ہے، کیونکہ جملہ انشائیہ صلہ واقع نہیں ہو سکتا۔ اور جب جملہ صلہ واقع ہو تو اس میں موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر کا ہونا ضروری ہے، خواہ ضمیر بارز ہو، جیسے "قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاءَ نَا" یا مستتر ہو، جیسے "تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ" وغیرہ۔

قاعدہ نمبر۸: ضمیر عائد کا حذف کرنا جائز ہے، بشرطیکہ مفعول بہ واقع ہو، جیسے "لَاأَعْبُدُمَا تَعْبُدُوْنَ، أَعْلَمُ مَا لَاتَعْلَمُوْنَ، اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ" وغیرہ۔

قاعدہ نمبر۹: اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہونے والا الف لام "اَلَّذِيْ" اسم موصول کے معنی میں ہوتا ہے اور اسم جامد پر داخل ہونے والا الف لام حرف تعریف ہوتا ہے۔

سوالات

ان مثالوں کی ترکیب اور ترجمہ لکھ کر دکھاؤ اور ضمیر کی قسمیں بھی ظاہر کرو؟

أنَا قَائِمٌ، أنْتَ غُلاَمُ زَيْدٍ، أنْتُمْ جاهِلُوْنَ، ضَرَبَكَ زَيْدٌ، زَيْدٌ ضَرَبَكَ، أنَا يُوْسُفُ، نَحْنُ عَالِمُوْنَ، ضَرَبُوْهُمْ، ضَرَبَهَا عَمْرٌو، ضَرَبَتَاهَا، هُنَّ جَمِيْلاَتٌ، اَنْتِ حَسَنَةٌ، ضَرَبْنَاكَ، ضَرَبْتُكُمْ، هُمْ شَاهِدُوْنَ، هِيَ ضَارِبَةٌ، هُمَا جَاهِلاَنِ، ضَرَبَهُمْ بَكْرٌ، أنَا أخُوْعَمْرٍو، ضَرَبَتْكُنَّ هِنْدٌ، نَصَرْتَنِيْ، نَصَرُوْنِيْ، نَصَرَتْنِيْ هِنْدٌ، اَنْتَ اِبْنُ زَيْدٍ، اَنْتُمْ اَبْنَاءُ بَكْرٍ، اَنْتَ عَمُّ بَكْرٍ، هُوَ خَالِقٌ، هُمْ مَلاَئِكَةُ الرَّحْمٰنِ، اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ، اِهْدِنَا، غُلاَمُنَا قَائِمٌ، هٰذَا عَبْدِىْ، هٰؤلاَءِ اِخْوَتِيْ، هٰذَا أخِيْ، هٰذَا كِتَابُنَا، هٰذَانِ سَاحِرَانِ، هٰذِه بِنْتِيْ، هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ، تَبَارَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ، قَالَ الَّذِيْنَ لاَيَرْجُوْنَ لِقَائَنَا، جَاءَ الَّذِىْ ضَرَبَ غُلاَمَكَ، اِيَّاىَ ضَرَبْتَ اِيَّاكُمْ اَدْعُوْ، لَكُمْ جَمَالٌ، لَهَا زَوْجٌ، لَهُمْ عِلْمٌ، لِيْ حُزْنٌ، اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ، هٰذَا الرَّجُلُ خَالِيْ، ذَانِكَ الرَّجُلاَنِ ذَهَبَا، ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا، اَعْلَمُ مَالاَ تَعْلَمُوْنَ، هٰذَاذِكْرٌ مُبَارَكٌ، اُذْكُرُوْانِعْمَتِيَ الَّتِيْ اَنْعَمْتُ، لَكُمْ مَاسَأَلْتُمْ، اِيَّاكُمَا اَعْطَيْتُ، اِيَّا هُنَّ نَكَحْتُ، اِيَّاكَ ضَرَبْتُ، عَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا، هٰؤُلَآءِ اَصْحَابِيْ، قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ، هٰذَا دِرْ هَمٌ، هٰذَاكَلْبٌ، عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّااَحْضَرَتْ، لَهُمْ كَمَالٌ، اِضْرِبُوْهُنَّ جَاءَ الَّذِىْ اَعْطَاكَ، رَبُّنَا اللّٰهُ، رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ، قِبْلَتُنَا بَيْتُ اللّٰهِ، لاَاَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ، لَكُمْ دِيْنُكُمْ، قَدْاَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا، مَانَدِمَ مَنْ سَكَتَ، اَيُّكُمْ ضَرَبَ زَيْدًا، اَيَّةُ امْرَءَةٍ زَوْجَتُكَ.[٦]

---

[٦] **چند حل شدہ مثالیں:**

(۱)- أَنَاقَائِمٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ ہوا۔ ''أَنَا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع منفصل مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔ ''قَائِمٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین، اسم متمکن معرب مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ہوا۔

(2) ضَرَبَكَ زَيْدٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ''ضَرَبَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ ''كَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم۔ ''زَيْدٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین مسند الیہ، اسم متمکن معرب معمول مسند الیہ فاعل مؤخر۔ فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔

(3)۔ ’’إِيَّاكَ نَعْبُدُوَ إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ‘‘: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ’’إِيَّاكَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم۔ ’’نَعْبُدُ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف، اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسندالیہ فاعل مؤخر۔ فعل اپنے فاعل مؤخراور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ ’’واؤ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف عطف۔ ’’إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ‘‘: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ’’إِيَّاكَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم۔ ’’نَسْتَعِيْنُ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف، اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسندالیہ فاعل مؤخر۔ فعل اپنے فاعل مؤخراور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔

(4)۔ ’’تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ‘‘: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ’’تَبَارَكَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ ’’الَّذِيْ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم موصول۔ ’’نَزَّلَ الْفُرْقَانَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ’’نَزَّلَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسندالیہ فاعل۔ ’’الْفُرْقَانَ‘‘ لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف اسم متمکن معرب مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ’’الَّذِيْ‘‘ کے لیے۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل ہوا ’’تَبَارَكَ‘‘ فعل کے لیے۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہوا۔

7۔۔۔اسم تفضیل:اس کا استعمال تین طریقوں پر ہے:۔1۔''مِنْ''کیساتھ ،جیسے ''زَيْدٌ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو''- 2۔یا الف ولام کیساتھ ،جیسے ''جَاءَ زَيْدٌالْأَفْضَلُ''- 3۔یا اضافت کے ساتھ ،جیسے ''زَيْدٌ أَفْضَلُ الْقَوْمِ''اس کا عمل فاعل میں ہوتا ہے،اور وہ ''هُوَ''جو کہ ''أَفْضَلُ''میں پوشیدہ ہے۔

8۔۔۔مصدر:اپنے فعل والا عمل کرتا ہے،بشر طیکہ وہ مفعول مطلق نہ ہو،جیسے ''أَعْجَبَنِيْ ضَرْبُ زَيْدٍ عَمْرًوا''.

9۔۔۔اسم مضاف:جو مضاف الیہ کو جر دیتا ہے، جیسے ''جَاءَ نِيْ غُلَامُ زَيْدٍ'' یہاں حقیقت میں لام مقدر ہے،کیونکہ اس کی تقدیر ''غُلَامٌ لِّزَيْدٍ''ہے۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ۱: اسم فاعل وہ اسم مشتق ہے، جو ایسی ذات پر دال ہو، جس کیساتھ فعل بطریق حدوث اور تجدد کے قائم ہو، جیسے "قَائِمٌ، ضَارِبٌ"۔

اور یہ فعل معروف والا عمل کرتا ہے، اگر فعل لازمی ہو تو اسم فاعل صرف فاعل کو رفع دے گا اور اگر متعدی ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دے گا۔

فائدہ نمبر ۱: اسم فاعل کے عمل کے لیے دو شرطیں ہیں:۔ 1۔ حال یا استقبال کے معنی میں ہو۔ 2۔ ان چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر تکیہ لگایا ہو۔ 1۔ مبتداء پر، جیسے "فَإِنَّهُ اٰثِمٌ قَلْبُهُ" (البقرۃ:283) 2۔ موصوف پر، جیسے "شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ" (النحل:69) 3۔ موصول پر، جیسے "وَالْقَاسِيَةُ قُلُوْبُهُمْ" (الزمر:22) 4۔ ذوالحال پر، جیسے "وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ" (الانبیاء:3) 5۔ نفی پر، جیسے "مَاقَائِمٌ زَيْدٌ" 6۔ استفہام پر، جیسے "أَقَائِمٌ زَيْدٌ".

فائدہ نمبر ۲: امام کسائیؒ اور علامہ ابن ہشامؒ کے نزدیک اسم فاعل کے عمل کے لیے زمانہ حال اور استقبال شرط نہیں، بلکہ ان کے نزدیک زمانہ ماضی میں ہوتے ہوئے بھی اسم فاعل عمل کرتا ہے، جیسے "وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ" (الکہف:18)۔

قاعدہ نمبر ۲: اسم مفعول وہ اسم ہے جو فعل متعدی سے مشتق ہو۔ اور اس ذات پر دال ہو جس پر فعل واقع ہو، جیسے "مَضْرُوْبٌ، مَنْصُوْرٌ"۔ اسم مفعول کے عمل کے وہی شرائط ہیں، جو اسم فاعل کے لیے ہیں، تاہم یہ فاعل کے بجائے نائب فاعل کو رفع دیتا ہے۔

قاعدہ نمبر ۳: مصدر وہ اسم ہے، جو ایسے معنی پر دال ہو جو قائم بالغیر ہو، اور زمانہ سے خالی ہو۔ مصدر اپنے فعل والا عمل کرتا ہے، اگر فعل لازمی ہو تو مصدر صرف فاعل کو رفع دے گا، جیسے "أَعْجَبَنِيْ قِيَامُ زَيْدٍ"۔ اور اگر مصدر فعل متعدی کا ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دے گا، جیسے "سَاءَنِيْ عِصْيَانُكَ إِيَّايَ".

فائدہ نمبر ۳: مصدر کے عمل کے لیے چھ شرطیں ہیں:۔ 1۔ مصغر نہ ہو۔ 2۔ مفعول مطلق نہ ہو۔ 3۔ ضمیر نہ ہو۔ 4۔ خبر نہ ہو۔ 5۔ تائے وحدت نہ ہو۔ 6۔ فاصلہ نہ ہو۔

قاعدہ نمبر۴: صفت مشبہ وہ اسم ہے، جو ایسی ذات کے لیے موضوع ہو، جس کیساتھ معنی حدوثی علی سبیل الدوام والثبوت قائم ہو، جیسے ''کَرِیْمٌ، شَرِیْفٌ''۔ صفت مشبہ ہمیشہ فعل لازم والا عمل کرتا ہے، اس لیے یہ فعل لازمی سے مشتق ہوتا، فعل متعدی سے صفت مشبہ نہیں آتی۔ اور اس میں زمانہ کی شرط بھی نہیں، کیونکہ زمانہ حادث ہے اور جب کہ اس میں ثبوت اور استمرار کا معنی ہوتا ہے۔ باقی اس کے لیے یہ شرط ہے کہ مذکورہ چھ چیزوں میں سے اسم موصول کے علاوہ باقی پانچ چیزوں پر تکیہ لگایا ہو، کیونکہ الف لام بمعنی ''الذِّیْ'' اسم فاعل اور اسم مفعول کیساتھ خاص ہے۔ اور اس کا الف لام اسم موصول والا نہیں ہوتا۔

فائدہ نمبر۴: اضافت کی دو قسمیں ہیں: 1۔ اضافت لفظیہ 2۔ اضافت معنویہ

1۔ اضافت لفظیہ: وہ ہے جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت ہو جو اپنے معمول (فاعل، مفعول بہ) کی طرف مضاف ہو، جیسے ''ضَارِبُ زَیْدٍ''۔ اس کو اضافت غیر محضہ، اضافت مجازیہ اور اضافت منفصلہ بھی کہتے ہیں۔

2۔ اضافت معنویہ: وہ ہے جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت نہ ہو، جو اپنے معمول (فاعل، مفعول بہ) کی طرف مضاف ہو، جیسے ''غُلَامُ زَیْدٍ''. پھر اضافت معنویہ کی تین قسمیں ہیں:۔ 1۔ اضافت لامیہ 2۔ اضافت بیانیہ 3۔ اضافت فویہ۔

1۔ اضافت لامیہ: وہ ہے جس میں مضاف الیہ نہ تو مضاف کی جنس سے ہو اور نہ ہی مضاف کے لیے ظرف ہو، جیسے ''غُلَامُ زَیْدٍ''، ''أَيْ غُلَامٌ لِزَیْدٍ'' یہ اضافت بتقدیر ''لام'' ہوتی ہے۔

2۔ اضافت بیانیہ: وہ ہے جس میں مضاف الیہ مضاف کی جنس سے ہو، جیسے ''خَاتِمُ فِضَّةٍ، أَيْ خَاتِمٌ مِنْ فِضَّةٍ'' یہ اضافت بتقدیر ''مِنْ'' ہوتی ہے۔

3۔ اضافت فویہ: وہ ہے جس میں مضاف الیہ ظرف ہو، خواہ ظرف زمان ہو، یا ظرف مکان ہو، جیسے ''مَکْرُ الْلَیْلِ، صَاحِبِ السَّجْنِ، أَيْ مَکْرٌ فِي الْلَیْلِ، أَيْ صَاحِبِ فِي السِّجْنِ''. یہ اضافت بتقدیر ''فی'' ہوتی ہے۔

چند حل شدہ تراکیب:

✍ مصدر (لازمی) کی مثال: ''أَعْجَبَنِيْ قِیَامُ زَیْدٍ'':

''أَعْجَبَ''صیغہ فعل ماضی معلوم''ن''وقایہ''ی''ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلًا''قِیَامُ''فاعلش مؤخراست مرفوع بالضمہ لفظًا،باز''قِیَامُ''مصدریعمل عمل فعلہ مضاف''زَیْدٍ''مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا ومرفوع معنًابنابرفاعلیت۔

✍مصدر(متعدی)کی مثال:أَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زَیْدٍعَمْرًوا:

''أَعْجَبَ''صیغہ فعل ماضی معلوم''ن''وقایہ''ی''ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلا''ضَرْبُ''فاعلش مؤخراست مرفوع بالضمہ لفظًا،باز''ضَرْبُ''مصدریعمل عمل فعلہ مضاف''زَیْدٍ''مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا ومرفوع معنابنابرفاعلیت''عَمْرًوا''مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍اسم فاعل کی مثال: ''زَیْدٌضَارِبٌ أَبُوْہُ عَمْرًوا'':

''زَیْدٌ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا''ضَارِبٌ''خبراوست مرفوع بالضمہ لفظًا باز ''ضَارِبٌ''صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خودیعمل عمل فعلہ،''أَبُوْ''فاعل اوست مرفوع بالواو لفظًا مضاف''ہ''ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مبتداء''عَمْرواً ''مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا ۔

✍اسم مفعول کی مثال:''زَیْدٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُہٗ'':

''زَیْدٌ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا''مَضْرُوْبٌ''خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا،باز ''مَضْرُوْبٌ''صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خودیعمل عمل فعلہ''غُلَامُ''مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف''ہٗ''ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مبتداء۔

✍صفت مشبہ کی مثال:''زَیْدٌحَسَنٌ غُلَامُہٗ'':

''زَیْدٌ''مبتداءاست مرفوع بالضمہ لفظًا''حَسَنٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظًاباز''حَسَنٌ''صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر مبتداءخودیعمل عمل فعلہ''غُلَامُ''فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًامضاف''ہٗ''ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مبتداء۔

سوالات

امثلہ ذیل میں اسماء عاملہ کے عمل میں غور کرو اور ان کے معمول بتاؤ اور ترکیب و ترجمہ بھی کرو اور یہ بھی بتاؤ کہ اسم تفضیل کا استعمال تین طریقوں میں سے کس طریقہ سے ہوا ہے؟

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ، إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً، إِنَّ هٰؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَاهمْ فِيْه وَبَاطِلٌ مَاكَانُوْا يَعْمَلُوْنَ، أَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَاءِ، خَيْرُ الْعِلْمِ مَا نَفَعَ، خَيْرُ الْأَغْنِيَاءِ مُنْفِقٌ مَالَه فِيْ سَبِيْلِ الله ، جَاءَ نِيْ عَمْرٌو مُعْطِيًا غُلَامَهُ دِرْهمًا، إِنَّ رَبِّي لَسَمِيْعُ الدُّعَاءِ، إِنَّ اللهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ، إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ، زَيْدٌ حَسَنٌ أَخُوْهُ، عَمْرٌو عَالِمَةٌ إِبْنَتُهُ، زَيْدٌ أَحْسَنُ مِنْ عَمْرٍو، نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ، أَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ، هذَا الْمَسْجِدُ أَرْفَعُ وَأَطْوَلُ مِنْ ذٰلِكَ، أَكْثَرُهُمْ كَا فِرُوْنَ، هٰذَا الطَّعَامُ أَقَلُّ، لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ، أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً، هُوَ أَهْدٰى مِنْهُ، مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللهِ حَدِيْثًا، هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ، ذٰلِكُمْ أَطْهرُلِقُلُوْبِكُمْ, تَطْهِيْرُكَ بَدَنَكَ خَيْرٌ، إِيْذَاءُكَ أَمَّكَ مَعْصِيَةٌ كَبِيْرَةٌ ، زَيْدٌجَائِعٌ بَطْنُهُ وَعَمْرٌو عَارٍ بَدَنُه مِنَ الثَّوْبِ، أَبُوْكَ مُغَطّٰى رَأْسُهُ، عَمْرٌو مُطَهِّرٌ ثَوْبَهُ[۳۳].

---

(۳۳) **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ:

''كَلْبُ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف ''هُمْ''ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلاًراجع بسوئے مذکورین ما قبل''بَاسِطٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا،باز''بَاسِطٌ''صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء''ذِرَاعَيْ''مفعو ل بہٖ است منصوب بالیا لفظًا مضاف ''ہ''ضمیر غائب مضاف الیہ مجرور محلا راجع بسوئے مبتدا ء ''ب''جارہ ''الوَصِيْدِ''مجرور بالکسرہ لفظًاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح،جار مجرور متعلق بہ''بَاسِطٌ''شبہ فعل است۔

✍ إِنَّ هٰؤُلَاءِ مُتبَرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ:

''إِنَّ''حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد''هٰؤُلَاءِ''اسم اشارہ اسمش منصوب محلاً''مُتَبَّرٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا باز''مُتَبَّرٌ'' صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ''مَا''موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش مفعول مالم یسم فاعلہٗ است مرفوع محلاً ،باز ما موصولہ یا موصوفہ ''هُمْ فِيهِ''جملہ صلہ یا صفت اوست۔''هُمْ''ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم''إِنَّ''،''فِيهِ''ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا'' فِي''جارہ''ہِ''ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے اسم موصول،جار مجرور متعلق بہ''ثَبَتَ''ویاکہ''ثَابِتٌ''مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔ویاکہ''إِنَّ''حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد''هٰؤُلَاءِ''اسم اشارہ اسمش منصوب محلاً''مُتَبَّرٌ مَا''جملہ خبرش منصوب محلاً،باز''مُتَبَّرٌ''خبر مقدم اوست مرفوع محلاً''مَا''موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش مبتداء مؤخر اوست مرفوع محلا باز''مَا''موصولہ یا موصوفہ''هُمْ فِيهِ''جملہ صلہ یا صفت

اوست۔ ''هُمْ''،ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم ''إِنَّ''، ''فِيهِ''ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا'' فِي'' جاره ''هِ''،ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح راجع بسوئے اسم موصول، جار مجرور متعلق به ''ثَبَتَ'' ویا که ''ثَابِتٌ''مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔''واؤ''عاطفه ''بَاطِلٌ'' معطوف ''مُتَبَّرٌ''،معطوف الیه اوست باز''بَاطِلٌ ''صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتدا خود یعمل عمل فعلهٖ ''مَا''موصوله یا موصوفه بمع صفت صله خویش فاعل اوست مرفوع محلاً راجع بسوئے اسم ''إِنَّ''، باز''مَا''ماموصوله یا موصوفه ''كَانُوا يَعْمَلُونَ''،جمله صله یا صفت است ''كَانُوا''صیغه فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصه رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد''واؤ''،ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً راجع بسوئے مذکورین ما قبل''يَعْمَلُونَ''،جمله خبرش منصوب محلاً، باز''يَعْمَلُونَ''صیغه فعل مضارع مرفوع باثبات نون اعرابی''واؤ''،ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے اسم ''كَانَ''عائد مخذوف که تقدیرش''إِيَّاهُ'' باشد''إِيَّاهُ''،منصوب منفصل مفعول بہٖ است منصوب راجع بسوئے ماموصوله۔ ویا که ''واؤ''عاطفه ''بَاطِلٌ مَا الخ''جمله معطوف ''مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ''جمله معطوف الیه اوست باز''بَاطِلٌ''،خبر مقدم است مرفوع بالضمه لفظاً''مَا''،موصوله یا موصوفه بمع صفت صله خویش مبتداء مؤخر است مرفوع محلا، باز''مَا''موصوله یا موصوفه'' كَانُوا يَعْمَلُونَ''،جمله صله یا صفت اوست الخ۔۔۔(الدر المصون:444/5، اعراب القرآن درویش:446/3)

✍ ''جَاءَنِيْ عَمْرٌو مُعْطِيًا غُلَامَهُ دِرْهَمًا'':

''جَاءَ''صیغه فعل ماضی معلوم''ن''وقایه''ی''،ضمیر متکلم مفعول به مقدّم اوست منصوب محلا''عَمْرٌو'' فاعل مؤخر اوست مرفوع بالضمه لفظا ذو الحال''مُعْطِيًا''،حال است منصوب بالفتحه لفظًا باز''مُعْطِيًا''صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ذو الحال''غُلَامُ''،مفعول اوّل است منصوب بالفتحه لفظاً مضاف ''ه''،ضمیر غائب مضاف الیه است مجرور محلا راجع بسوئے''عَمْرٌو''، ''دِرْهَمًا''،مفعول ثانی است منصوب بالفتحه لفظًا۔

✍ لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ:

''لام''ابتدائیه تاکیدیه''خَلْقُ''،مبتداء است مرفوع بالضمه لفظًا مصدر یعمل عمل فعله مضاف ''السَّمَاوَاتِ''،مضاف الیه اوست مجرور بالکسره لفظًا و منصوب معنًا بنا بر مفعولیت ''واؤ''عاطفه ''الْأَرْضِ''،معطوف ''السَّمَاوَاتِ''،معطوف علیه است ''أَكْبَرُ''،خبرش مرفوع بالضمه لفظًا ، باز''أَكْبَرُ''،صیغه اسم تفضیل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا''مِنْ''جاره''خَلْقِ''،مجرور بالکسره لفظًا و منصوب محلا مفعول به غیر صریح، جار مجرور متعلق به''أَكْبَرُ''،شبه فعل است، باز''خَلْقِ''،مضاف''النَّاسِ''،مضاف الیه مجرور بالکسره لفظًا۔

✍ '' هٰذَا الطَّعَامُ أَقَلُّ'':

'' هٰذَا''،اسم اشاره مبتدا است مرفوع محلاً موصوف ویا که مبدل منه ویا که مبین ''الطَّعَامُ''،مشار الیه صفت است ویا که بدل ویا که عطف بیان است ''أَقَلُّ''،خبرش مرفوع بالضمه لفظًا، باز''أَقَلُّ''،صیغه اسم تفضیل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔

✍ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا:

فصل۔۔۔اسم تام، اسمائے کنایہ اور عوامل معنوی کا بیان

10۔۔۔اسم تام: تمیز کو نصب دیتا ہے اور اسم یا تنوین کیساتھ تام ہوگا: جیسے "مَا فِي السَّمَاءِ قَدْرُ رَاحة سَحَابًا" یا تنوین مقدرہ کیساتھ تام ہوگا، جیسے "عِنْدِيْ أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا "، "زَيْدٌ أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا" یا نون تثنیہ کیساتھ تام ہوگا: جیسے "عِنْدِيْ قَفِيْزَانِ بُرًّا" یا نون جمع کیساتھ تام ہوگا، جیسے "هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَ خْسَرِيْنَ أَعْمَالًا" یا اضافت کیساتھ تام ہوگا، جیسے "عِنْدِيْ مِلْؤُهُ عَسَلًا "۔

11۔۔۔ اسمائے کنایہ: وہ اسماء جن سے گنتی و تعداد معلوم کیا جائے، وہ دو ہیں:۔(۱) كَمْ (۲) كَذَا

" أَيُّ" اسم متضمن بمعنی حرف استفہام مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف "كُمْ" ضمیر مخاطبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا "أَحْسَنُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا، باز "أَحْسَنُ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا اسم تام مع التنوین مقدر مبہم تمیز ناصب التمیز "عَمَلًا" تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا۔(اعراب القرآن درویش:146/10)

✍ مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللهِ حَدِيثًا:

"مَنْ" اسم متضمن بمعنٰی حرف استفہام مبتداء است مرفوع محلاً "أَصْدَقُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا، باز "أَصْدَقُ" اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا اسم تام مع التنوین مقدر مبہم ممیّز ناصب التمیز "مِنْ" جارہ لفظ "اللهِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ "أَصْدَقُ" شبہ فعل است "حَدِيثًا" تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ " تَطْهِيْرُكَ بَدَنَكَ خَيْرٌ":

"تَطْهِيْر" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف "كَ" ضمیر خطاب مضاف الیہ است مجرور محلاً و مرفوع معنًا بنا بر فاعلیت "بَدَنَ" مفعول بہٖ است منصوب بالفتحہ مضاف "كَ" ضمیر مخاطب مضاف الیہ اوست مجرور محلا "خَيْرٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا، باز "خَيْرٌ" اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍ " زَيْدٌ جَائِعٌ بَطْنُهُ وَعَمْرٌو عَارٍ بَدَنُهُ مِنَ الثَّوْبِ":

"زيدٌ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا "جائعٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا باز " جَائِعٌ "صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ " بَطْنُ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاً راجع بسوئے مبتداء "واؤ" عاطفہ "عَمْرٌو عَارٍ" جملہ معطوف " زَيْدٌ جَائِعٌ" جملہ معطوف الیہ اوست، باز "عَمْرٌو" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا " عَارٍ " خبرش مرفوع بالضمہ تقدیراً، باز " عَارٍ " صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ " بَدَن" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف "ہ" مضاف الیہ مجرور محلا راجع بسوئے "عَمْرٌو" "مِن" جارہ "الثَّوْبِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ "عَارٍ" شبہ فعل است۔

(۱) "کَمْ": "کَمْ" کی دو قسمیں ہیں:۔

(1) "کَمْ" استفہامیہ (2) "کَمْ" خبریہ

(1) "کَمْ" استفہامیہ: "کَمْ" استفہامیہ تمیز کو نصب دیتا ہے، جیسے "کَمْ رَجُلًا عِنْدكَ" (تمہارے پاس کتنے آدمی ہیں؟)۔

(2) "کَمْ" خبریہ: "کَمْ" خبریہ تمیز کو کسرہ دیتا ہے، جیسے "کَمْ دَارٍ بَنَيْتُ" (میں نے کتنے گھر بناڈالے)، کبھی "کَمْ" خبریہ کی تمیز پر "مِنْ" حرف جارہ بھی آتا ہے، جیسے "کَمْ مِنْ مَالٍ أَنْفَقْتُ" (میں نے بہت مال خرچ کرڈالے)۔

(۲) کَذَا: "کَذَا" بھی تمیز کو نصب دیتا ہے، جیسے "عِنْدِیْ کَذَا دِرْهَماً" (میرے پاس اتنے درہم ہیں)۔

قسم دوم: عوامل معنوی کا بیان

عوامل معنویہ کا مطلب یہ ہے کہ یہ لفظوں میں ظاہر نہیں ہوتے، عوامل معنوی دو ہیں:۔

1۔۔۔ابتداء: یعنی اسم کا عامل لفظی سے خالی ہونا۔یہ مبتداء اور خبر کو رفع دیتا ہے، جیسے "زَيْدٌ قَائِمٌ"، "زَيْدٌ" اور "قَائِمٌ" ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہیں۔بعض نحویوں کے نزدیک مبتداء میں ابتداء عامل ہے اور خبر میں مبتداء عامل ہے، جب کہ بعض نحویوں کا خیال ہے کہ مبتداء میں عامل خبر ہے اور خبر میں عامل مبتداء ہے،تاہم پہلی بات صحیح ہے۔

2۔۔۔فعل مضارع کا عامل ناصب اور جازم سے خالی ہونا: یہی خالی ہونا فعل مضارع کو رفع دیتا ہے، جیسے "یَضْرِبُ زَيْدٌ" میں "یَضْرِبُ" کو رفع اس وجہ سے ہے کہ عامل ناصب اور جازم سے خالی ہے۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبرا: اسم عدد کی تین قسمیں ہیں:۔1۔عدد اقل 2۔عدد اوسط 3۔عدد اکثر۔

1۔عدد اقل: "وَاحِدٌ" سے "عَشَرَ" تک عدد اقل ہے۔عدد اقل میں "وَاحِدٌ" اور "إِثْنَانَ" کی تمیز نہیں آتی۔ اور "ثَلَاثَةٌ" سے "عَشَرَ" کی تمیز جمع مجرور آتی ہے اور عدد کے مخالف ہوتی ہے، یعنی اگر تمیز مذکر ہو تو عدد مؤنث ہوگا، جیسے "ثَلَاثَةُ رِجَالٍ" اور اگر تمیز مؤنث ہو تو عدد مذکر ہوگا، جیسے "ثَلٰثُ نِسْوَةٌ".

2۔ عدد اوسط: ''أَحَدَعَشَرَ'' سے ''تِسْعٌ وَّتِسْعِيْنَ'' تک عدد اوسط ہے۔عدد اوسط کی تمیز مفرد منصوب آتی ہے، جیسے ''أَحَدَعَشَرَرَجُلًا، أَحَدٌوَّعِشْرُوْنَ رَجُلًا''۔

3۔ عدد اکثر: ''مائة'' سے مالانہایۃ تک عدد اکثر ہے۔اس کی تمیز مفرد مجرور آتی ہے، جیسے ''مائةُ رَجُلٍ''اور'' مائةُ عَامِلٍ''وغیرہ۔

قاعدہ نمبر ۲: ''كَم''کی دوقسمیں ہیں:۔1۔ خبریہ2۔استفہامیہ

1۔ ''كَمْ''خبریہ(بمعنی أيُّ عَدَدٍ):اس کی تمیز کبھی مفرد مجرور ہوتی ہے، جیسے ''كَمْ رَجُلٍ عِنْدِيْ''۔اور کبھی جمع مجرور ہوتی ہے، جیسے ''كَمْ رِجَالٍ عِنْدِيْ''۔لیکن ''كَمْ''خبریہ اوراس کی تمیز کے درمیان فاصلہ ہو تو پھر اس کی تمیز منصوب ہوتی ہے، جیسے ''كَمْ فِي الدَّارِرَجُلًا''.

2۔ ''كَمْ''استفہامیہ(بمعنی عَدَدٍكَثِيْرٍ):اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے، جیسے''كَمْ رَجُلًاعِنْدَكَ''؟۔نیزاس کی تمیز اکثر محذوف ہوتی ہے۔

قاعدہ نمبر ۳: ''كَمْ''استفہامیہ اور ''كَمْ''خبریہ کی تمیز پر ''مِنْ'' داخل ہو تواس کی تمیز مجرور ہوتی ہے، جیسے ''كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ''اور''كَمْ أَهْلَكْنَامِنْ قَرْيَةٍ''.

قاعدہ نمبر ۴: ''كَأَيِّن ''کو''كَأَيّ'' بھی لکھاجاتاہے۔یہ ''كَمْ''خبریہ کے معنی میں ہوتاہےاوراس کیساتھ پانچ چیزوں میں موافق ہے:۔1۔دونوں مبہم ہیں۔ 2۔ دونوں تمیز کاتقاضہ کرتے ہیں۔ 3۔ دونوں مبنی ہیں۔4۔دونوں صدارتِ کلام چاہتے ہیں۔ 5۔ دونوں تکثیر کافائدہ دیتے ہیں، جیسے''وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ''(آل عمران:146)،''وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا، اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ''۔اورجب کہ چارامور میں مختلف ہے:۔ 1۔''كَأَيِّنْ''مرکب ہےاور''كَمْ''خبریہ بسیط ہے۔ 2۔ ''كَأَيِّنْ''کی تمیز اکثر''مِنْ'' جارہ کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے،بخلاف ''كَمْ''کے۔ 3۔ ''كَأَيِّنْ''جمہور کے نزدیک استفہامیہ واقع نہیں ہوتا۔ 4۔''كَأَيِّنْ''کی خبر مفرد واقع نہیں ہوتی،بلکہ جملہ ہوتی ہے۔

فائدہ نمبر ۱: ''كَذَا''ہمیشہ خبریہ ہوتاہےاوراپنی تمیز کو نصب دیتاہے،اس کی تین قسمیں ہیں:۔

1۔ کنایہ از عدد، جیسے "جَاءَ کَذَا مُعَلِّماً" 2۔ کنایہ از حدیث، جیسے "قَالَ الْمُعَلِّمُ کَذَا" 3۔ عمل سے کنایہ ہو، جیسے "عَمِلَ کَذَا"۔ اور خود "کَذَا" مبنی بر سکون ہوتا ہے اور جملہ میں اعراب کے مطابق واقع ہوتا ہے، پہلی مثال میں محل رفع میں فاعل واقع ہے، دوسری اور تیسری مثال میں محل نصب میں مفعول بہ واقع ہے۔

قاعدہ نمبر ۵: اکثر "کَذَا وَکَذَا" مکرر استعمال ہوتا ہے، تاہم کبھی بغیر "واؤ" کے بھی مکرر استعمال ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر ۲: فعل مضارع کے عامل رافع میں اختلاف ہے، امام کسائیؒ کا مذہب یہ ہے کہ اس کا عامل لفظی حروف اتین ہیں اور جمہور حضرات کے نزدیک اس کا عامل معنوی ہے، پھر عامل معنوی کی تفصیل میں اختلاف ہے، کوفیین فرماتے ہیں کہ فعل مضارع جب مرفوع ہو تو اس کا عامل معنوی ہوتا ہے، بشرطیکہ عامل ناصب اور جازم سے خالی ہو۔ جب کہ بصریین کے نزدیک مضارع مرفوع کا عامل رافع، مضارع کی جگہ میں واقع ہونا ہے۔

فائدہ نمبر ۳: مبتداء اور خبر کے عامل رافع میں اختلاف ہے، بصریین کے نزدیک مبتداء ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہوتا ہے اور خبر کا عامل مبتداء ہے۔ یہ مذہب راجح ہے۔ کوفیین فرماتے ہیں کہ مبتداء خبر میں اور خبر مبتداء میں عامل ہے۔ بعض نحات فرماتے ہیں کہ دونوں میں عامل معنوی ہے۔

چند حل شدہ تراکیب:

✍ اسم تام بالتنوین کی مثال: "عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتاً":

"عِنْدِيْ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا "عِنْد" مفعول فیہ است منصوب تقدیرا ظرف مضاف "ي" ضمیر متکلم مضاف الیہ او ست مجرور محلًا ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" فعل مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین "ثَبَتَ" صیغہ فعل ماضی معلوم الخ۔۔۔ "رِطْلٌ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا اسم تام مع تنوین ملفوظ مبہم ممیز ناصب التمیز، "زَيْتاً" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ اسم تام مع الاضافت کی مثال: "عَلَى التَّمْرَةِ مِثْلُها زَبَداً":

"عَلَى التَّمْرَةِ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا "عَلَى" جارہ "التَّمْرَةِ" مجرور بالکسرہ لفظا منسوب محلًا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" فعل مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔ "مِثْلُ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف "ها" ضمیر غائبہ مضاف الیہ او ست مجرور محلًا راجع بسوئے "التَّمْرَةِ" اسم تام مع الاضافت مبہم ممیز ناصب التمیز "زَبَداً" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ عدد اقل کی مثال: ''عِنْدِیْ ثَلَاثَةُ رِجَالٍ'':

''عِنْدِیْ''ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا ''عِنْدَ''مفعول فیہ است منصوب تقدیرا ظرف مضاف ''ي''ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلًا ظرف متعلق بہ ''ثَبَتَ'' ویا کہ ''ثَابِتٌ''مقدر است الخ، ''ثَبَتَ'' صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے مبتداء، ویا کہ ''ثَابِتٌ''الخ، ''ثَلَاثَةُ''مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا اسم عدد مبہم ممیز مضاف، ''رِجَالٍ''تمیز ش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا۔

✍ عدد اوسط کی مثال: ''عِنْدِيْ أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا'':

''عِنْدِيْ''کہ ترکیبش ما قبل گذشتہ ''أَحَدَ عَشَرَ''مبتداء مؤخر است مرفوع محلًا باز ''أَحَدَ عَشَرَ'' اسم عدد مبہم ممیز ناصب التمیز ''رَجُلًا''، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ''کَمْ''استفہامیہ کی مثال: ''کَمْ رَجُلاً عِنْدَكَ'':

''کَمْ''استفہامیہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلًا ''رَجُلاً''، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا ''عِنْدَكَ''ظرف مستقر خبر ش مرفوع محلًا باز ''عِنْدَ''مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا ظرف مضاف ''ك''ضمیر خطاب مضاف الیہ اوست مجرور محلا، ظرف متعلق بہ ''ثَبَتَ''ویا کہ ''ثَابِتٌ''مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین ''ثَبَتَ''صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء الخ۔

✍ ''کَمْ''خبریہ کی مثال: ''کَمْ فِي الدَّارِ رَجُلاً'':

''کَمْ''خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلا ''فِي الدَّارِ''ظرف مستقر خبر اوست مرفوع محلًا ''فِيْ''جارہ ''الدَّارِ''مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ ''ثَبَتَ'' ویا کہ ''ثَابِتٌ''مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ ''رَجُلاً''، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ''کَمْ''خبریہ کی دوسری مثال: ''کَمْ دَارٍ بَنَيْتَ'' (جب اس کے اور اس کی تمیز کے درمیان فاصلہ نہ ہو)

''کَمْ''خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلًا مضاف ''دَارٍ''، تمیز ش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا ''بَنَيْتَ''، فعل مؤخر است باز ''بَنَيْتَ''صیغہ فعل ماضی معلوم ''تَ''، ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا۔

✍ ''کَأَيِّنْ''استفہامیہ کی مثال: ''کَأَيِّنْ رَجُلاً عِنْدَكَ'':

”كَأَيِّنْ“استفھامیہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلًا ”رَجُلاً“، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا ”عِنْدَكَ“ ظرف مستقر خبر اوست مرفوع محلًا باز ”عِنْدَ“ مفعول فیہ اوست منصوب بافتحہ لفظًا ظرف مضاف ”ك“، ضمیر خطاب مضاف الیہ اوست مجرور محلًا، الخ۔

✍ ”كَأَيِّنْ“ خبریہ کی مثال: ”كَأَيِّنْ رَجلاً لَقِيتُ“:

”كَأَيِّنْ“ خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلًا ”رَجُلاً“، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا ”لَقِيتُ“، جملہ خبر ش مرفوع محلًا، باز ”لَقِيْتُ“ صیغہ فعل ماضی معلوم ”تُ“، ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا۔

سوالات

ان مثالوں میں چند امور بتاؤ(1) تمامی ہر اسم کی کس چیز سے ہوئی؟(2) کم استفہامیہ اور خبریہ کو متعین کرو(3) مضارع کے عامل کو بیان کرو(4) ہر مثال کی ترکیب وترجمہ کرو۔

مَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللهِ، إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ، نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا، اللهُ أَسْرَعُ مَكْرًا، لَيْسَ عِنْدِيْ قَدْرُحُفْنَةٍ حِنْطَةً، عِنْدَكَ مِلْؤُهُ عَسْلاً، كَمْ مُصَلٍّ عَنْ صَلَاتِهِ غَافِلٌ، كَمْ صَائِمٍ لَيْسَ لَه مِنْ صِيَامِه نَصِيبٌ، كَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ، كَمْ رَكْعَةٍ صَلَّيْتَ، كَمْ يَوْماً غِبْتَ عَنِّيْ، هُمْ أَكْثَرُوْنَ مِنْكُمْ مَالًا، عِنْدِيْ كَذَا وَكَذَا دِرْهَماً، هَذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ، لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ، اللهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ، يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ، كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا، كَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا، كَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ [۳۴].

---

[۳۴] **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ:

”إِنْ“ شرطیہ جازمہ جازمۃ المستقبل ”تَسْتَغْفِرْ“ صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا ”لَ“ جارہ ”هُمْ“، ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ ”تَسْتَغْفِرْ“ فعل است ”سَبْعِينَ“ مفعول بہ است منصوب بالیاء لفظاً اسم تام مع نون مشابہ بالجمع مبہم ممیز ناصب التمیز ”مَرَّةً“، تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظاً ”ف“ جزائیہ ”لَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ“ جملہ جزائش مجزوم محلاً الخ۔۔۔

✍ ”لَيْسَ عِنْدِيْ قَدْرُ حُفْنَةٍ حِنْطَةً:

''لَیْسَ''صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد ''عِنْدِیْ''ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلاً''عِنْدَ''ظرف مضاف''ی'' ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلاظرف متعلق بہ'' ثَبَتَ'' ویاکہ ''ثَابِتاً'' مقدر است بناء براختلاف مذہبین الخ۔۔۔''قَدْرُ''اسمش موخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''حُفْنَةٍ''مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا اسم تام مع الاضافت مبہم ممیز ناصب التمیز''حِنْطَةً'' تمیزش منصوب بالفتحہ لفظاً۔

✍ ''کَمْ مُصَلٍّ عَنْ صَلَاتِهٖ غَافِلٌ'':

''کَمْ''خبریہ کنایہ از اسم عدد مبہم ممیز مبتداءاست مرفوع محلاً مضاف ''مُصَلٍّ''تمیزش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ تقدیراً ''عَنْ'' جارہ''صَلَاۃِ''مجرور بالکسرہ لفظاًو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''غَافِلٌ''شبہ فعل موخراست، باز''صَلَاۃٍ'' مضاف ''ہٗ'' مضاف الیہ اوست مجرور محلاًراجع بسوئے مبتداء'' غَافِلٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً،باز''غَافِلٌ''صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداءخود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء۔

✍ ''کَمْ صَائِمٍ لَیْسَ لَهٗ مِنْ صِیَامِهٖ نَصِیْبٌ'':

''کَمْ''خبریہ کنایہ از اسم عدد مبہم ممیز مبتداءاست مرفوع محلاً مضاف ''صَائِمٍ''تمیزش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً''لَیْسَ لَهٗ''جملہ خبرش مرفوع محلاً'' لَیْسَ ''فعل ازافعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد ''لَهٗ''ظرف مستقر خبر مقدم است منصوب محلا ''لَ'' جارہ''ہٗ''ضمیر غائب مجرورومنصوب مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''ثَبَتَ'' ویاکہ''ثَابِتاً''مقدر است بناء براختلاف مذہبین الخ۔۔۔''مِنْ''جا رہ''صِیَام''مجرور بالکسرہ لفظاومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح،جار مجرور متعلق بہ''نَصِیْبٌ''شبہ فعل مؤخراست۔ باز''صِیَام''مضاف ''ہٗ''ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلاراجع بسوئے''صَائِمٍ''''نَصِیْبٌ''اسمش موخراست مرفوع بالضمہ لفظًا۔

✍ ''کَمْ رَکْعَةً صَلَّیْتَ'':

''کَمْ''استفہامیہ کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مفعول بہٖ مقدم است منصوب محلًا''رَکْعَةً''تمیزش منصوب بالفتحہ لفظاً''صَلَّیْتَ''صیغہ فعل ماضی معلوم''تَ''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا۔

✍ ''عِنْدِیْ کَذَاوَکَذَا'':

''عِنْدِیْ''ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا''عِنْدِ'' مفعول فیہ است منصوب تقدیراًظرف مضاف''یْ''ضمیر متکلم مضاف الیہ مجرور محلا، ظرف متعلق بہ ''ثَبَتَ''ویاکہ''ثَابِتٌ''بناء براختلاف مذہبین الخ۔۔۔''کَذَا''خبریہ کنایہ ازعدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتدامؤخراست مرفوع محلاً''وَ''عاطفہ''کَذَا''معطوف''کَذَا''معطوف علیہ است۔ برائے تمیزش محذوف کہ''دِرْهَماً'' باشد۔

✍ یَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ:

''یَعْلَمُ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاًضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اللہ''مَا''ماموصولہ یاموصوفہ بمع صلہ وصفت خویش مفعول بہٖ است منصوب محلا،باز''مَا''ماموصولہ یاموصوفہ ''تُبْدُونَ''جملہ صلہ یاصفت اوست۔باز''تُبْدُونَ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی''وَ''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاعائد محذوف کہ تقدیرش ''إِيَّاهُ'' باشد''إِيَّاهُ''ضمیر منصوب مفصل مفعول بہٖ اوست منصوب محلاًراجع بسوئےاسم موصول''و''عاطفہ ''مَا تَكْتُمُونَ''جملہ معطوف''مَا تُبْدُونَ''جملہ معطوف علیہ الخ۔۔۔

كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا:

''كَمْ''خبر یہ کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلاً''مِنْ''زائدہ جارہ''قَرْيَةٍ''تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً جار مجرور مستغنی از متعلق است''أَهْلَكْنَاهَا''جملہ خبرش مرفوع محلا، باز''أَهْلَكْنَاهَا''صیغہ فعل ماضی معلوم''نَا''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً''هَا''ضمیر غائبہ مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے''قَرْيَةٍ''۔ویاکہ ''كَمْ''خبر یہ کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلاً مااُضْمِرَ عَامِلُه عَلَى شَرِيْطَةِ التَّفْسِيْرِ''مِنْ''زائدہ جارہ''قَرْيَةٍ''تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً جار مجرور مستغنی از متعلق است''أَهْلَكْنَاهَا''جملہ مفسِرہ ما قبل جملہ مفسَرہ باز'' أَهْلَكْنَاهَا''صیغہ فعل ماضی معلوم''نَا''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً''هَا'' ضمیر غائبہ مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے ''قَرْيَةٍ''۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَهْلَكْنَاهَا)۔ (الدرالمصون:248/5،اعراب القرآن درویش:296/3)

كَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ:

'' كَأَيِّنْ'' کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلا''مِنْ''زائدہ جارہ''آيَةٍ'' تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً باز''آيَةٍ''موصوف''فِي السَّمَاوَاتِ''ظرف مستقر صفت است مجرور محلاً''فِي'' جارہ''السَّمَاوَاتِ''مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ'' ثَابِتٍ'' مقدر است''ثَابِتٍ'' اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف''وَاوْ''عاطفہ ''الْأَرْضِ''معطوف''السَّمَاوَاتِ'' معطوف علیہ اوست''يَمُرُّونَ عَلَيْهَا''جملہ خبرش مرفوع محلا''يَمُرُّونَ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی''وَاوْ''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل ذوالحال''عَلَى'' جارہ''هَا''ضمیر غائبہ مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے''آيَةٍ''ویاکہ''الْأَرْضِ'' جار مجرور متعلق بہ''يَمُرُّونَ''فعل است''وَاوْ''حالیہ''هُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ''جملہ حال اوست منصوب محلا''هُمْ''ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل''عَنْ'' جارہ''هَا''ضمیر غائبہ مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''مُعْرِضُونَ''شبہ فعل مؤخر است''مُعْرِضُونَ''خبرش مرفوع بالواؤ لفظاً، باز''مُعْرِضُونَ''صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔ ویاکہ ''كَأَيِّنْ'' کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلا''مِنْ''زائدہ جارہ''آيَةٍ'' تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً باز''آيَةٍ''موصوف''فِي السَّمَاوَاتِ''ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا''فِي'' جارہ''السَّمَاوَاتِ''مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''ثَبَتَ''ویاکہ'' ثَابِت'' مقدر است بناء براختلاف مذہبین الخ۔۔۔''وَاوْ''عاطفہ ''الْأَرْضِ''معطوف''السَّمَاوَاتِ'' معطوف علیہ اوست''يَمُرُّونَ عَلَيْهَا''جملہ صفت اوست مجرور محلا الخ۔۔۔(التبیان لابی البقاء:746/2،اعراب القرآن درویش:61/5)

لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ:

'' لَا''نافیہ غیر عاملہ''يُسْأَلُ''صیغہ فعل مضارع مجہول ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہٗ مرفوع محلاً ذوالحال''عَن'' جارہ''مَا''موصولہ یاموصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''لَا يُسْأَلُ''فعل است باز''مَا''موصولہ یاموصوفہ ''يَفْعَلُ''جملہ صلہ یاصفت است باز ''يَفْعَلُ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاً ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول''وَاوْ'' حالیہ ''هُمْ يُسْأَلُونَ''جملہ حال اوست منصوب محلا''هُمْ''ضمیر مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال ''يُسْأَلُونَ''جملہ

خاتمہ

فصل اول۔۔۔تو ابع کا بیان

تابع: وہ لفظ ہے کہ پہلے لفظ کے اعتبار سے دوسرا ہو، اور جس اعتبار سے پہلے کا اعراب ہو، اسی اعتبار سے دوسرے کا بھی اعراب ہو۔ پہلے لفظ کو متبوع اور دوسرے کو تابع کہتے ہیں۔ تابع کا حکم یہ ہے کہ جو اعراب متبوع کا ہوگا وہی اعراب تابع کا بھی ہوگا، جیسے ''جَاءَنِيْ رَجُلٌ فَاضِلٌ''۔ ''رَجُلٌ'' فاعل کی وجہ سے مرفوع ہے تو ''فَاضِلٌ'' بھی فاعل کی وجہ مرفوع ہے اور یہ دونوں مل کر ''جَاءَ'' کا فاعل ہیں۔

تابع کی پانچ قسمیں ہیں:۔

(1)صفت (2) تاکید (3) بدل (4) عطف بیان (5) عطف بالحروف۔

(1)۔۔۔صفت: وہ تابع ہے جو ایسے معنی کی وضاحت کرے، جو خود اس کے متبوع میں پایا جاتا ہے، یا اس کے متعلق میں پایا جاتا ہے۔ اول کی مثال: ''جَاءَنِيْ رَجُلٌ فَاضِلٌ'' اور دوسرے کی مثال: ''جَاءَنِيْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُہٗ'' ہے۔ اس میں متبوع کو موصوف اور تابع کو صفت کہتے ہیں۔ پہلی قسم میں موصوف اور صفت میں دس چیزوں میں مطابقت ضروری ہے:۔(1) مفرد (2) تثنیہ (3) جمع (4) رفع (5) نصب (6) جر (7) معرفہ (8) نکرہ (9) مذکر (10) مؤنث۔ جیسے ''عِنْدِيْ رَجُلٌ عَالِمٌ وَرَجُلَانِ عَالِمَانِ وَرِجَالٌ عَالِمُوْنَ وَامْرَأَةٌ عَالِمَةٌ وَّامْرَأَتَانِ عَالِمَتَانِ وَنِسْوَةٌ عَالِمَاتٌ''۔ اور دوسری قسم میں پانچ

خبر ش مرفوع محلاً باز ''يُسْأَلُونَ'' صیغہ فعل مضارع مجہول مرفوع باثبات نون اعرابی ''واؤ'' ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔ ویا کہ ''واؤ'' عاطفہ '' هُمْ يُسْأَلُونَ'' جملہ معطوف ''لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ'' جملہ معطوف علیہ اوست الخ۔۔۔ ویا کہ ''واؤ'' استنافیہ مابعد جملہ مستانِفہ ما قبل جملہ مستانفہ الخ۔۔۔(اعراب القرآن درویش:295/6، اعراب القرآن صافی:19/17)

چیزوں کے اندر موصوف اور صفت میں مطابقت ہونی چاہیے:۔(1) معرفہ (2) نکرہ (3) رفع (4) نصب (5) جر۔ جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ عَالِمٌ أَبُوْه".

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ نکرہ کی صفت جملہ خبریہ ہو سکتی ہے، تاہم جملہ خبریہ میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے، جو اسی نکرہ کی طرف راجع ہو۔ جیسے "جَاءَنِيْ رَجُلٌ أَبُوْه عَالِمٌ".

(2) تاکید: وہ تابع ہے، جو متبوع کی حالت کو مضبوط کرے، یعنی دوسرے لفظ سے وہی مراد ہو، جو پہلے سے ہے، اس کا غیر مراد نہیں ہے، اب خواہ یہ مضبوطی نسبت میں ہو، یا شمول میں ہو، تاہم سامع کا کوئی شک باقی نہ رہے۔

تاکید کی دو قسمیں ہیں:۔ 1۔ تاکید لفظی 2۔ تاکید معنوی

1۔ تاکید لفظی: وہ تاکید ہے، جس میں پہلے لفظ کو دوبارہ ذکر کیا جائے، جیسے "جَاءَ جَاءَ زَيْدٌ" اور "إِنَّ إِنَّ زَيْداً قَائِم".

2۔ تاکید معنوی: وہ تاکید ہے جس میں مخصوص الفاظ سے تاکید ہو۔ اور وہ یہ آٹھ الفاظ ہیں:۔ نَفْسٌ، عَيْنٌ، كِلَا، كِلْتَا، كُلٌّ، أَجْمَعُ، أَكْتَعُ، أَبْتَعُ، أَبْصَعُ.

اب "نَفْسٌ" اور "عَيْنٌ" سے واحد، تثنیہ اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کی تاکید کر سکتے ہیں، صرف صیغوں اور ضمیروں میں تبدیلی ہوگی، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ نَفْسُهُ" یا "عَيْنُه" "جَاءَنِي الزَّيْدَانِ أَنْفُسُهُمَا" یا "عَيْنَاهُمَا"، "جَاءَنِي الزَّيْدُوْنَ أَنْفُسُهُمْ" یا "أَعْيُنُهُمْ"، "كِلَا وَكِلْتَا" صرف تثنیہ کی تاکید کر سکتے ہیں۔ "كِلَا" سے مذکر کی اور "كِلْتَا" سے مؤنث کی، جیسے "جَاءَنِي الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا، جَاءَتِ امْرَأَتَانِ كِلْتَاهُمَا". "كُلٌّ" اور "أَجْمَعُ" سے تثنیہ کے علاوہ سب کی تاکید کر سکتے ہیں، صرف "كُلٌّ" کے اندر ضمیر بدلتی رہے گی اور "أَجْمَعُ" میں صیغہ بدلتا رہے گا۔

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ "أَكْتَعُ، أَبْتَعُ، أَبْصَعُ" کا استعمال بغیر "أَجْمَعُ" کے نہ ہوگا۔اور نہ "أَجْمَعُ" پر مقدم ہوں گے، بلکہ یہ ہمیشہ پیچھے رہیں گے۔

3۔۔۔بدل: وہ تابع ہے کہ متبوع کی طرف جو چیز منسوب ہے، وہی چیز تابع کی طرف منسوب ہو، اور مقصود تابع ہو، نہ کہ متبوع ہو۔پھر بدل کی چار قسمیں ہیں:۔

1۔بدل الکل 2۔بدل الاشتمال 3۔بدل الغلط 4۔بدل البعض۔

1۔بدل الکل: وہ بدل ہے جس کا مدلول بعینہ مبدل منہ کا مدلول ہو، جیسے "جَاءَ نِيْ زَيْدٌ أَخُوْكَ".

2۔بدل البعض: وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا جزء ہو، جیسے "ضُرِبَ زَيْدٌ رَأْسُهُ".

3۔بدل الاشتمال: وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا متعلق ہو، جیسے "سُلِبَ زَيْدٌ ثَوْبُهُ".

4۔ بدل الغلط: وہ بدل ہے جس میں غلط لفظ کے بعد دوسرے لفظ کو ذکر کیا جائے، جیسے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ".

(4) عطف بیان: وہ تابع ہے جو صفت نہ ہو، مگر متبوع کے معنی کو روشن کرے، جیسے "أُقْسِمُ بِاللّٰهِ أَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ" جب علم کیساتھ زیادہ مشہور ہو، جیسے "جَاءَنِيْ زَيْدٌ أَبُوْعَمْرٍو" اور جس وقت کنیت کیساتھ زیادہ مشہور ہو۔

(5) عطف بالحروف: وہ تابع ہے جو حرف عطف کے بعد آئے اور نسبت میں اپنے متبوع کیساتھ مقصود ہو، جیسے "جَاءَنِيْ زَيْدٌ وَّعَمْرٌو" اور حروف عطف دس ہیں، جنہیں انشاء اللہ فصل سوم میں ذکر کیا جائے گا۔اور عطف بحرف کو عطف نسق بھی کہتے ہیں۔

قواعد و فوائد

قاعدہ نمبر ا: صفت وہ تابع ہے، جو اس معنی پر دلالت کرے جو متبوع میں، یا اس کے متعلق میں موجود ہو۔اس کو نعت اور وصف بھی کہتے ہیں۔اور اس کی دو قسمیں ہیں، ایک صفت بحالہ اور دوسری صفت بحال متعلقہ ہے۔صفت بحالہ کو صفت حقیقیہ اور صفت بحالہ متعلقہ کو صفت سببیہ بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۲: جب جملہ صفت واقع ہو تو اس کے لیے تین شرائط ہیں:۔

1۔موصوف نکرہ ہو،یانکرہ کے حکم میں ہو،جیسے ”اللّٰہُ یَرْفَعُ السَّمٰوَاتِ بِغَیْرِعَمَدٍتَرَوْنَھَا“(الرعد:2).

2۔صفت جملہ خبریہ ہو،جیسے ”واتَّقَوْایَوْماً تُرْجَعُوْنَ فِیْہِ إِلٰی اللّٰہِ“(البقرۃ:281).

3۔ جملہ میں ایک ضمیر ہوجوموصوف کی طرف راجع ہو،جیسے ”فَلَوْلَا کَانَتْ قَرْیَۃٌ آمَنَتْ فَنَفَعَھَا إِیْمَانُھَا“.(یونس:98).

قاعدہ نمبر۳:جملہ نکرہ کے لیے صفت واقع ہوگا،اگر معرفہ کے بعد ہوتو یہ ماقبل سے حال بنے گا،جیسے ”جَاءَعَلِیٌّ یَحْمِلُ کِتَاباً“.

قاعدہ نمبر۴:عطف بالحرف وہ تابع ہے،جو حرف عطف کے ذریعے اپنے متبوع کیساتھ مقصود ہو۔تابع کو معطوف اور متبوع کو معطوف علیہ کہتے ہیں۔عطف بالحرف کو عطف نسق اور معطوف بالحرف بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ نمبر۵: ضمیر مرفوع منفصل،منصوب متصل یا منفصل پر عطف جائز ہے،جیسے ”أَنْتَ وَزَیْدٌتَسْرَعَانِ، إِیَّاكَ وَالْکَذِبَ، وَجَعَلْنَاکُمْ وَالْأَوَّلِیْنَ“۔اور ضمیر مرفوع متصل(بارز ہویامستتر) پر عطف درست ہے،بشرطیکہ تاکیدکے لیے ضمیر منفصل لائی جائے،یاکوئی اورفاصلہ موجودہو،جیسے ”اسْکُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّۃَ“ (البقرہ:41)اور ”مَاأَشْرَکْنَاوَلَاآبَائُنَا“(الانعام:148)۔

قاعدہ نمبر۶:جملہ خبریہ کا عطف جملہ انشائیہ پر،یاانشائیہ کا عطف خبریہ پر صحیح قول کے مطابق درست ہےاور جملہ اسمیہ کا عطف جملہ فعلیہ پراور جملہ فعلیہ کا عطف جملہ اسمیہ پر صحیح قول کے مطابق جائز ہے۔

قاعدہ نمبر۷:جملہ کا عطف مفرد پریامفرد کا عطف جملہ پر درست ہے،بشرطیکہ جملہ کو مفرد کی تاویل میں لینادرست ہو،جیسے ”کَمْ أَھلَکْنَاھَا مِنْ قَرْیَۃٍ فَجَاءَھَا بَأْسُنَا بَیَاتاً أَوْھُمْ قَائِلُوْنَ“(الاعراف:3)اور فعل کا عطف اسم پر جائز ہے،جیسے ”فَالْمُغِیْرَاتِ صُبْحاً فَأَثَرْنَ بِہٖ نَقْعاً“(العادیات:3)اوراسم کا عطف بھی فعل پر جائز ہے،جیسے ”یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ“(الانعام:59)۔

فائدہ نمبر۱: تاکیدوہ تابع ہے،جواپنے متبوع کو پختہ کرے،تاکہ مجاز،سہواور غفلت کا احتمال نہ رہے۔تاکید لفظی کی پہچان یہ ہے کہ ایک لفظ دومرتبہ ذکر کیا گیاہو۔اورتاکید معنوی کی پہچان یہ ہے کہ الفاظ تاکید میں سے کوئی ایک لفظ مستعمل ہو۔

فائدہ نمبر ۲: بدل وہ تابع ہے، جو نسبت سے خود مقصود ہو، اور اس کے متبوع کا ذکر بطور تمہید و توطئہ کے ہو، جیسے "إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ" (الشعراء:142)۔ اس کو ترجمہ، تبیین اور تکریر بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۸: بدل اور مبدل منہ کی موافقت تعریف و تنکیر کے اعتبار سے ضروری نہیں ہے، خواہ دونوں معرفہ ہوں، جیسے "اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" (فاتحہ:6-7)۔ یا دونوں نکرہ ہوں، جیسے "قَدْ أَنْزَلَ اللهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا رَسُولًا" (الطلاق:10)۔ بدل نکرہ اور مبدل منہ معرفہ ہو، جیسے "حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ رَسُولٌ مِنَ اللهِ" (البینۃ:1-2)۔ بدل معرفہ اور مبدل منہ نکرہ ہو، جیسے "إِنَّا أَخْلَصْنَاهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ" (ص:46)۔

فائدہ نمبر ۳: عطف بیان وہ تابع ہے، جو صفت نہ ہونے کے باوجود اپنے متبوع کی خوب وضاحت کرتا ہے۔ اس کے متبوع کو مبین اور تابع کو عطف بیان کہتے ہیں۔ عطف بیان ان پانچ مقامات پر واقع ہوتا ہے:۔ 1۔ اسم کے بعد لقب ہو، جیسے "جَاءَ عَلِيٌّ زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ"۔ 2۔ کنیت کے بعد اسم ہو، جیسے "جَاءَ أَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ"۔ 3۔ اشارہ کے بعد اسم ظاہر معرف باللام ہو، جیسے "ذَالِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ"۔ 4۔ صفت کے بعد موصوف ہو، جیسے "أَرْسَلَ الْكَلِيْمَ مُوْسٰى"۔ 5۔ مفسر کے بعد تفسیر ہو، جیسے "الْعَسْجَدُ"، أَيْ الذَّهَبُ.

قاعدہ نمبر ۹: "أَيْ" تفسیریہ اور "أَنْ" تفسیریہ کے بعد واقع ہونے والا کلمہ یا جملہ ترکیب میں عطف بیان واقع ہوتا ہے، جیسے "رَأَيْتُ لَيْثاً، أَيْ أَسَداً.

فائدہ نمبر ۴: عطف بیان اور بدل میں فرق یہ ہے کہ عطف بیان تعریف و تنکیر میں اپنے متبوع کا مخالف نہیں آسکتا، جب کہ بدل آسکتا ہے۔ عطف بیان جملہ نہیں ہوسکتا، جب کہ بدل جملہ واقع ہوسکتا ہے۔ نیز بدل مقصود بالحکم ہوتا ہے، مبدل نہیں ہوتا، جب کہ عطف بیان مقصود نہیں ہوتا، بلکہ مقصود متبوع ہوتا ہے۔

سوالات

ذیل کی مثالوں میں تابع کی قسمیں بتاؤ اور صفت کی دونوں قسمیں اور تاکید و بدل کی قسمیں بھی بیان کرو اور صفت و موصوف میں بتاؤ کہ دس چیزوں میں سے کس کس شئی میں موافقت ہے؟ اور ہر مثال کا ترجمہ و ترکیب بھی کرو۔

اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ، الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ، لَن نَّصْبِرَ عَلَى طَعَامٍ وَّاحِدٍ، الْمَلَائِكَةُ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ، رَأَيْتُ رَجُلًا مُّصَلِّياً، تُوبُوا إِلَى اللهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا، هَذَا

رَجُلَانِ عَاقِلَانِ، هٰذِهِ امْرَأَةٌ صَالِحَةٌ، هٰذَاالرَّجُلُ أَبُوْهُ عَالِمٌ، سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ، قَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هَارُوْنَ، الصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مُحَمَّدٍوّآلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِيْنَ، أُخِذَ زَيْدٌ مَالُهُ، يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ، لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ عَظِيمٌ، عَبْدُاللهِ بْنُ عَبَّاسٍ ابْنِ عَمِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، اذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ، سَيِّدَةُ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، خَالِدُبْنُ وَلِيْدٍسَيْفُ اللهِ، كَانَ عُثْمَانُ ذُوْالنُّوْرَيْنِ خَتَنُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، اذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ، فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ، أَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ (رَضِيَ اللهُ عَنْهُ(ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ[۳۵].

---

(۳۵) **چند حل شدہ مثالیں:**

✍ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ:

''الْحَمْدُ'' مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً''لِلّٰهِ''ظرف مستقر خبرش مرفوع محلاً''ل'' جارہ لفظ''الله'' مجرور بالکسرہ لفظاًو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ ''ثَبَتَ'' ویاکہ ''ثَابِتٌ'' مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔ باز لفظ''الله''موصوف ویاکہ مبدل منہ ''رَبِّ'' بدل اوست ویاکہ صفت اوّل اوست مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف ''الْعالَمِينَ''مضاف الیہ است مجرور بالیاء لفظاً''الرَّحْمٰنِ''صفت ثانی اوست مجرور بالکسرہ لفظاً''الرَّحِيمِ''صفت ثالث اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔ ویاکہ '' الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ''ہر دو خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً برائے مبتدائے محذوف ''هوَ'' باشد۔ویاکہ''الرَّحْمٰنَ الرَّحِيمَ''ہر دو مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً برائے فعل محذوف کہ تقدیرش''أَعْنِيْ'' باشد''أَعْنِيْ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراً ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا''الرَّحْمٰنَ''مفعول اول اوست منصوب بالفتحہ لفظاً''الرَّحِيمَ''مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔(اعراب القرآن درویش:14/1)

✍ سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ:

''سَجَدَ''صیغہ فعل مضارع معلوم''الْمَلَائِكَةُ''فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً مؤکد''كُلُّ''تاکید معنوی اول اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف''هُمْ''ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل''أَجْمَعُونَ''تاکید معنوی ثانی اوست مرفوع بالواؤ لفظاً۔(اعراب القرآن صافی:237/14)

✍ قَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هَارُونَ:

''قَالَ''صیغہ فعل ماضی معلوم''مُوسٰى''فاعلش مرفوع بالضمہ تقدیراً''ل'' جارہ''أَخِي''مجرور بالیاء لفظاًو منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ''قَالَ'' فعل است ''أَخِي''مبدل منہ ویاکہ مبین مضاف''ه''ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے''موسٰى''،''هَارُونَ''بدل ویاکہ عطف بیان اوست مجرور بالفتحہ لفظاً۔ (اعراب القرآن درویش:449/3، اعراب القرآن صافی:67/9)

✍ الصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِيْنَ:

" الصَّلاةِ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً "عَلٰی رَسُوْلِہٖ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا "عَلٰی" جارہ "رَسُوْلِ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "نَزَلَتْ" ویا کہ "نَازِلَۃٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔ باز "رَسُوْلِ" مبین مضاف "ہ" ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلاً راجع بسوئے مذکور ما قبل "مُحَمَّدٍ" عطف بیان اوست مجرور بالکسرہ لفظاً "واؤ" عاطفہ "اٰلِہٖ" معطوف "رَسُوْلِہٖ" معطوف علیہ اوست "واؤ" عاطفہ " أَصْحَابِہٖ" معطوف "اٰلہ" معطوف علیہ قرباً "رَسُوْلِہٖ" معطوف علیہ بُعداً، باز "أَصْحَابِ" مؤکد مضاف "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے "مُحَمَّدٍ"، "أَجْمَعِيْنَ" تاکید اوست۔

✍ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ:

" يَسْأَلُوْنَكَ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل "كَ" ضمیر خطاب مفعول بہ اوست منصوب محلا "عَنْ" جارہ "الشَّهْرِ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "يَسْأَلُوْنَكَ" فعل است باز "الشَّهْرِ" موصوف مبدل منہ "الْحَرَامِ" صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظاً "قِتَالٍ" بدل الاشتمال اوست مجرور بالکسرہ لفظاً موصوف "فِيهِ" ظرف مستقر صفت است مجرور محلاً "فِي" جارہ "ہ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتٍ" مقدر است "ثَابِتٍ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف۔ ویا کہ "فِي" جارہ "ہ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "قِتَالٍ" شبہ فعل است۔ ویا کہ "عن" مقدر است کہ تقدیر عبارت "عَنْ قِتَالٍ" باشد "عَنْ" جارہ "قِتَالٍ" مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ "قِتَالٍ" شبہ فعل است الخ۔۔۔ (التبیان لابی البقاء: 174/1، اعراب القرآن درویش: 321/1)

عَبْدُاللهِ بْنُ عَبَّاسٍ ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ:

"عبد" مبتداء اوست مرفوع بالضمہ لفظاً موصوف مضاف لفظ "اللهِ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظاً "بْنُ" صفت است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف "عَبَّاسٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً "ابْنُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف "عَمِّ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف "رَسُوْلِ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف لفظ "اللهِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔

اذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ:

"اذْكُرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً "عَبْدَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً مبین ویا کہ مبدل منہ مضاف "نَا" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلاً "دَاوُدَ" عطف بیان ویا کہ بدل ویا کہ مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ (لفظاً برائے فعل محذوف کہ "أَعْنِيْ" باشد) موصوف "ذَا" صفت اوست منصوب بالالف لفظاً مضاف "الْأَيْدِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔ (الدر المصون: 365/9، اعراب القرآن درویش: 341/8، اعراب القرآن صافی: 110/23)

اذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ:

"اذْكُرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا "عِبَادَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظاً مبین ویا کہ مبدل منہ مضاف "نَا" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلاً "إِبْرَاهِيمَ" عطف بیان ویا کہ بدل اوست منصوب بالفتحہ لفظاً موصوف "واؤ" عاطفہ "إِسْحَاقَ" معطوف "إِبْرَاهِيمَ" معطوف علیہ اوست "واؤ" عاطفہ "يَعْقُوبَ" معطوف "إِسْحَاقَ" معطوف علیہ

فصل ---- غیر منصرف کا بیان

غیر منصرف: وہ اسم ہے جس میں اسباب منع صرف میں سے دو سبب ہوں یا ایک ایسا سبب ہو جو دو سببوں کے قائم مقام ہو، جیسے ''أَحْمَدُ'' اور ''مَسَاجِدُ''۔

اسباب منع صرف نو ہیں: عدل، وصف، تانیث، معرفہ (علم)، عجمہ۔ جمع، ترکیب، وزن فعل، الف ونون زائدتان۔

مثالیں: جیسے : ''عُمَرُ'' اور ''زُفَرُ'' میں عدل اور عَلم ہے ۔ ''ثُلَاثُ'' (تین تین) میں عدل اور وصف ہے۔ ''طَلْحَةُ'' میں علم اور تانیث ہے۔ ''زَيْنَبُ'' میں علم اور تانیث معنوی ہے, ''حُبْلٰى'' میں صرف الف مقصورہ تانیث کا ہے، جو ایک سبب قائم مقام دو سببوں کا ہے۔ ''حَمْرَآءُ'' میں صرف الف ممدودہ تانیث کا ہے جو قائم مقام

قرباً''إِبْرَاهِيمَ'' معطوف علیہ بُعداً''أُولِي'' صفت ویا کہ مفعول بہ اوست منصوب بالیاء لفظاً مضاف ''الْأَيْدِي'' مضاف الیہ اوست مجرور بالیاء لفظاً''واؤ'' عاطفہ ''الْأَبْصَارِ'' معطوف'' الْأَيْدِي'' معطوف علیہ اوست۔ (الدر المصون:382/9، اعراب القرآن درویش:369/8، اعراب القرآن صافی:130/23)

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ:

''فِيهِ'' ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلا''فِي'' جارہ ''هِ'' ضمیر غائب مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ ''ثَبَتَ'' ویا کہ '' ثَابِتَاتٌ'' مقدر است بنابراختلاف مذہبین الخ۔۔۔ ''آيَاتٌ'' مبتدا مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظاً مبدل منہ موصوف ''بَيِّنَاتٌ'' صفت اوست مرفوع بالضمہ لفظاً ''مَقَامُ'' بدل اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''إِبْرَاهِيمَ'' مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً۔ ویا کہ ''مَقَامُ'' مبتداء مؤخر اوست برائے خبر محذوف کہ ''مِنْهَا'' باشد۔ ''مِنْهَا'' ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلا الخ۔۔۔ ''مَقَامُ'' مبتداء مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''إِبْرَاهِيمَ'' مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً۔ ویا کہ ''مَقَامُ'' خبر ش برائے مبتداء محذوف کہ ''أَحَدُهَا'' باشد۔ ''احد'' مبتداء اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''هَا'' ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے ''آيَاتٌ'' ''مَقَامُ'' خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''إِبْرَاهِيمَ'' مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً۔ (التبیان لابی البقاء:281/1، الدر المصون:317/3، اعراب القرآن درویش:567/1)

أَمِيرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ:

''أَمِيرُ'' مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظا مبدل منہ مضاف ''الْمُؤْمِنِيْنَ'' مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً ''عُمَرُ'' بدل مرفوع بالضمہ لفظاً ''رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ'' جملہ متعرضہ لا محل لہا من الاعراب ''ثَالِثُ'' خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ''الْخُلَفَاءِ'' مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔

دو سببوں کے ہے، ایک تانیث، دوسرے لزوم تانیث۔ ''إِبْرَاهِيْمُ'' میں علم اور عجمہ ہے۔ ''مَسَاجِدُ'' میں جمع ہے، جو قائم مقام دو سبب کے ہے۔ ایک جمع اور دوسرا لزومِ جمع۔ ''بَعْلَبَكَ'' میں علم اور ترکیب ہے۔ ''أَحْمَدُ'' میں وزنِ فعل اور علم ہے۔ ''عُثْمَانُ'' میں الف ونون زائدتان اور علم ہے۔ ''سَكْرَانُ'' میں الف ونون زائدتان اور وصف ہے۔ (اس کا کچھ بیان اعراب کی بحث میں آچکا ہے۔)

فائدہ نمبر ۱: غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتے۔

منصرف: وہ اسم ہے جس میں اسباب منع صرف میں سے دو سبب یا ایک سبب جو دو سببوں کے قائم مقام ہو، نہ ہو، جیسے ''زَيْدٌ-بَكْرٌ، خَالِدٌ'' وغیرہ۔

فائدہ نمبر ۲: منصرف پر کسرہ اور تنوین آتے ہیں۔

قواعد وفوائد
